(سلسلہ تاریخ دکن)

ملیبار

یعنے

ازمنۂ مختلفہ میں جغرافیائی کوائف، قدیم تاریخ، اقوام عالم کے تعلقات، مقدس تھوما کا ورود، عربوں کا توطن، اشاعت اسلام کے حالات، ماپلاکی تحقیق، سیاحوں کے مشاہدات، پرتگیزوں کے اقتدار کی سرگزشت

جس کو

حکیم سید شمس اللہ قادری ماہر آثار قدیمہ نے

عربی، فارسی، اردو، انگریزی وغیرہ زبانوں کی مستند و معتبر تصنیفات سے اخذ کرکے تالیف کیا اور زیر سرپرستی

آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس، علی گڑھ

باھتمام محمد مقتدیٰ خاں شروانی

مسلم یونیورسٹی پریس علی گڑھ میں ۱۳۴۰ھ ۱۹۳۰ء طبع ہوا

(کانفرنس کے صدر دفتر واقع سلطان جہاں منزل علی گڑھ سے شائع ہوا)

خزینۂ معلومات مفت طلب کیجئے

چندسال سے کانفرنس نے اپنا بک ڈپو قائم کیا ہے جس میں اُردو کے تمام مشہور مصنفین مثلاً **سرسیّد، نواب محسن الملک، مولانا حالی، علامہ شبلی نعمانی، مولانا حافظ نذیر احمد، مولانا سیّد سلیمان ندوی، مولانا محمد حبیب الرحمن خاں شروانی** (نواب صدر یار جنگ) وغیرہ کی تصنیفات موجود ہیں، جو مناسب نرخ پر فروخت ہوتی ہیں۔

بچّوں اور عورتوں کی تعلیم و تربیت نیز فن تعلیم کے متعلق بھی متعدد معتبر و مفید کتابیں اس بک ڈپو سے مل سکتی ہیں، اس کے علاوہ گزشتہ چندہ سال میں خود کانفرنس نے جو عمدہ و دلچسپ کتابیں نہایت اہتمام سے حسن طباعت و کتابت کے ساتھ شائع کی ہیں (مثلاً **وقار حیات، یاد ایام، خطبات عالیہ، فطرتِ اطفال، التربیۃ الاستقلالیہ، تاریخ سلاطین مصر، تاریخ ملیبار** وغیرہ) خصوصیت کے ساتھ مطالعہ کے قابل ہیں۔ ایک خاص بات یہ ہے کہ عام فائدہ کے خیال سے باوجود ظاہری و معنوی محاسن کے ان کی قیمتیں بہت کم رکھی گئی ہیں۔ یہ کتابیں بھی کانفرنس بک ڈپو سے ملتی ہیں اور زیادہ خریداری پر تاجروں کو کمیشن بھی دیا جاتا ہے۔

ان سب کتابوں کے تفصیلی حالات اور اُن کی قیمتیں رسالہ **خزینۂ معلومات** سے معلوم ہونگی، آپ صرف ایک کارڈ لکھ دیجئے، رسالہ خزینۂ معلومات جو (۱۴۰) صفحے کا ہے دفتر سے محصول ڈاک لگا کر آپ کی خدمت میں بلا قیمت بھیجدیا جائے گا۔ اس کو پڑھ کر آپ اپنے مذاق و شوق کی کتابیں طلب کر لیجئے۔

ملنے کا پتہ

صدر دفتر کانفرنس سلطان جہاں منزل علی گڑھ

انتساب

جناب مستطاب فضیلت مآب نواب صدر یار
جنگ بہادر مولٰنا الحاج محمد حبیب الرحمن خاں
صاحب شروانی صدر الصدور ممالک محروسہ سرکار نظام
عالی مقام خلد اللہ ملکہ و سکرٹری آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس
(علی گڑھ) کے نام نامی و اسم گرامی سے یہ سلسلۂ
تاریخ دکن "موسوم و منسوب کیا جاتا ہے

حکیم سید شمس اللہ قادری

حیدرآباد دکن
۲۰ جون ۱۹۲۸ء

فہرست مضامین

۱	ملیبار کے جغرافیائی حالات	۱
۲	ملیبار کی قدیم تاریخ (نقشہ بالمقابل)	۸
۳	ملیبار کے ساتھ اقوام عالم کے تعلقات (نقشہ بالمقابل)	۱۰
۴	ملیبار میں مقدس تھوما کا ورود (نقشہ بالمقابل)	۱۶
۵	ملیبار میں مسلمانوں کا توطّن (نقشہ بالمقابل)	۱۹
۶	ملیبار کے ملوک الطوائف اور کالی کوٹ کا سامری	۲۶
۷	ملیبار کی اسلامی بستیاں (نقشہ بالمقابل)	۲۸
۸	خاندان علی راجا	۳۳
۹	موپلا کی تحقیق	۳۷
۱۰	ملیبار کے سیّاح اور اُن کے سفرنامے	۴۰
۱۱	ملیبار میں ابن بطوطہ کی سیاحت	۴۳
۱۲	ملیبار میں سلطان شاہرخ مرزا کا سفیر	۴۷
۱۳	ملیبار کے دو مسلمان مصنّف	۵۰
۱۴	لاری سکّے	۵۵
۱۵	ساحل ملیبار پر پرتگیزوں کا اقتدار (نقشہ بالمقابل)	۵۸
۱۶	وقایع مہمہ	۶۴
۱۷	کتابیات	۶۹

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۱)

ملیبار کے جغرافیائی حالات

ملیبار کے مختلف نام اور اُن کی تحقیق

اہل عرب ہندوستان جنوبی کے مغربی ساحل کو ملیبار کہتے ہیں۔ اس کے قدیم نام جو کنڑی اور ٹامل کی قدیم تصنیفات میں ملتے ہیں کرالہ اور ملیاطم ہیں۔ کرالہ اور کریل کنڑی زبان میں ٹامل الفاظ چیرلم اور چیرل کی بگڑی ہوئی صورتیں ہیں۔ چیرل کے معنی ہیں "سلسلہ کوہ"

کرالہ، کریل، چیرلم

چیرلم اُس ملک کو کہتے ہیں جس میں کوہستانی سلسلہ پھیلا ہوا ہوتا ہے۔ ملیبار میں چوں کہ اوّل سے آخر تک کوہستانی سلسلہ واقع ہے اس لئے یہ ملک چیرلم یا کرالہ کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔[1]

ملی

ملی ڈراویڈین زبانوں میں پہاڑ کو کہتے ہیں۔ اس کی کسی قدر بدلی ہوئی صورت ملیا سنسکرت میں بھی مستعمل ہے۔ اس سے جنوبی مصنفین خصوصیت کے ساتھ مغربی گھاٹ کا وہ حصہ مراد لیتے ہیں جو جنوب میں دریائے کاویری کے نیچے واقع ہے۔[2]

ملی ناڈو

چولا خاندان کے راجہ کیسری ورمن نے جو چھٹی صدی ہجری میں گزرا ہے اپنی حکومت کے

---

[1] Tamilian Antiquary. Vol. IV. pp. 69—71

[2] Coins of Southern India pp.. 122.

انیسویں سال تنجور کے عظیم الشان معبد پر ایک کتبہ [illegible]

Malal-Nadu درج ہے[1]۔ اور اس کے معنی ہیں "پہاڑی [illegible]"۔

ملیالم — ملیبار کی زبان جو تامل سے جدا ہے دراوڈین زبان کی ایک شاخ [illegible] علاقہ کی زبان ہے جہاں کثرت سے پہاڑ واقع ہیں۔ اس لئے اس کا نام [illegible] زبان رکھا گیا ہے اور اسی مناسبت سے اس ملک کو جس میں یہ زبان بولی جاتی ہے [illegible] لوگوں کو جو اس زبان کو بولتے ہیں ملیالم کہتے ہیں۔

ملیبار — ملی کے آخر میں بار کے اضافہ کرنے سے ملیبار بنا ہے۔ "بار" فارسی زبان کا لفظ ہے۔ اس کے معنی ہیں "ملک اور کثرت و فراوانی"۔ ملی کے معنی جیسا کہ ہم نے اوپر بیان کئے ہیں کوہستان کے ہیں۔ اس اعتبار سے ملیبار کے معنی ہیں "پہاڑی ملک" یا "وہ ملک جس میں بکثرت پہاڑ ہیں"۔

ملیبار کی اصلیت — یہ نام ان سیاحوں اور جہاز رانوں نے رکھا ہے جو عرب و ایران سے براہ خلیج فارس اس ملک میں آیا کرتے تھے۔ ان لوگوں نے اس ملک کے علاوہ بعض دوسرے ممالک کے نام بھی ایسے ہی رکھے ہیں۔ منجملہ ان کے ایک نام زنجبار ہے جس کے معنی ہیں "زنگیوں کا ملک"۔ علیٰ ہذا القیاس۔ ہندوبار اور زنگوبار بھی اسی نوعیت کے نام ہیں

فارسی کا 'بار' اور سنسکرت کا 'واڑ' دونوں متحد المعنی الفاظ ہیں۔ اس لئے بعض محققین نے قیاس کیا ہے کہ 'ملی' پر سنسکرت کے لفظ 'واڑ' کا اضافہ کرنے سے ملیواڑ بنا ہے جیسے مارواڑ۔ کاٹھیاواڑ، دھاڑوار وغیرہ۔ زمانۂ مابعد میں اسلامی اثرات کے باعث اس کا "و" "ب" سے تبدیل ہو کر ملیبار بن گیا۔

---

[1] Inscriptions of the Madras presidency.

الغرض اس ملک کے لئے مقامی اور بیرونی زبانوں میں جو نام بولے جاتے ہیں مثلاً کرالہ، کریل، چیر، چیرلم، ملیالم، ملی، ملیبار۔ یہ سب متحد المعنی ہیں اور ان سب کا مفہوم ہے "کوہستانی ملک"۔

رومیوں کے کلاسیکل لٹریچر اور عربوں کے جغرافیائی تصنیفات میں ملیبار کا نام

رومیوں کے کلاسیکل لٹریچر میں ملیبار کا ذکر "ملی" کے نام سے آیا ہے۔ چنانچہ کاسماس Kosmas نے مسیحی شہروں کی نسبت ۵۴۵ء میں جو کتاب Christian Topography لکھی ہے۔ اس میں اس کا نام "ملی" Male درج کیا ہے[۱]۔ ہجرت کے چوتھی صدی تک عرب کے جغرافیہ نویس بھی اس ملک کا ذکر اسی نام سے کیا کرتے تھے۔ چنانچہ ابن خوردادبہ (۲۶۶ھ / ۸۷۹ء) نے ہندوستان کے ساحلی مقامات کی مسافتوں کو بیان کرتے ہوئے لکھا ہے۔ سندان سے ملی تک پانچ دن کا راستہ ہے، ملی میں فلفل اور بانس پیدا ہوتے ہیں۔ ومن سندان الی ملی مسیرة خمسة ایام و بملی الفلفل والقنا۔[۲]

عرب مصنفین میں لفظ ملیبار کے رواج پانے کا زمانہ

ملیبار کا لفظ پانچویں صدی ہجری کے بعد وجود میں آیا ہے اور عرب کے جغرافیہ نویسوں میں سب سے پہلے شریف ادریسی (۵۴۸ھ / ۱۱۵۴ء) نے اپنے جغرافیہ میں اس نام کو استعمال کیا ہے[۳]۔ اس کے بعد یاقوت حموی (۶۲۶ھ / ۱۲۲۸ء) اور مورخ ابوالفدار کی تصنیفات میں اس طرح استعمال ہوا ہے جیسا کہ دوسرے مشہور و متداول نام ہیں[۴]۔

---

[۱] M'crindle's Ancient India. pp. 190.

[۲] کتاب المسالک الممالک طبع یورپ ص ۶۲

[۳] Elliot's History of India. Vol. I. pp. 90.

[۴] معجم البلدان ج ۴ ص ۶۳۹ - تقویم البلدان ص ۳۵۳

ایران کی فارسی تصنیفات میں یہ نام سب سے پہلے وزیر رشید الدین فضل اللہ ہمدانی (۷۱۰ھ / ۱۳۱۰ء) کی جامع التواریخ میں نظر آتا ہے[۱]۔ فخر الدین بناکتی و عبد اللہ وصاف کی تاریخوں میں بھی جو جامع التواریخ کے کچھ ہی عرصہ بعد لکھی گئی ہیں یہ نام موجود ہے۔

ہندوستان کے مسلمان مصنفین میں غالباً سب سے پہلے مصنف امیر خسرو دہلوی (۷۲۵ھ / ۱۳۲۴ء) ہیں جنھوں نے اس علاقہ کا ذکر ملیبار کے نام سے کیا ہے۔

چنانچہ ان کی منظومات میں ایک جگہ یہ نام اس طرح وارد ہوا ہے[۲]۔

بہ بے نیازی او کعبہ خستہ و خوار است
بیاد بیں کہ خراجش چو ملیبار است

بلاد الفلفل

عربوں کے یہاں اس ملک کا ملیبار کے علاوہ ایک اور بھی نام مشہور ہے یعنی "بلاد الفلفل" اور یہ نام انھوں نے اس لئے دے رکھا تھا کہ فلفل (سیاہ مرچ) یہاں کی مخصوص پیداوار ہے اور یہیں سے اطراف عالم میں جایا کرتی ہے[۳]۔

چھٹی صدی میں عربوں کی واقفیت ملیبار کی نسبت

چھٹی صدی تک عرب جغرافیہ نویس ملیبار کے حالات سے بہت کم واقف تھے یہاں تک کہ اس کے موقع و محل سے بھی انھیں کافی واقفیت نہ تھی۔ صرف اس قدر جانتے تھے کہ وہ ہندوستان کی ایک اقلیم ہے جس میں بہت سے شہر فاکنور، منجرور وغیرہ واقع ہیں اور یہاں سے فلفل تمام دنیا میں جاتا ہے[۴]۔

ف۱ Elliot's Historians of Muhamadan India Persian Text pp. 10.

ف۲ فرہنگ جہانگیری ج ۲۔ ص ۶۶

ف۳ عجائب الہند ص ۹۴۔ تقویم البلدان۔ ص ۳۵۵

ف۴ معجم البلدان۔ ج ۴۔ ص ۶۳۹

اس زمانہ کے بعد اسلامی تصنیفات میں ملیبار کا ذکر صحت کے ساتھ ملتا ہے۔ زکریا قزوینی، رشید الدین ہمدانی، فخرالدین بناکتی، مورخ ابوالفداء، بالخصوص ابن بطوطہ نے یہاں کے حالات صراحت کے ساتھ بیان کئے ہیں اور خاص کر مسلمانوں کے کوائف کو عمدگی کے ساتھ تحریر کیا ہے۔

ملیبار کے حدود اور ان کی نسبت سیاحوں کا بیان

رشید الدین کا بیان ہے کہ ملیبار، گوا سے شروع ہو کر کولم پر ختم ہوتا ہے۔ اس کی مسافت تین سو فرسخ ہے[1]۔ ابوالفداء اور ابن بطوطہ نے بھی ملیبار کے یہی حدود بتائے ہیں[2]۔ ابن بطوطہ کا بیان ہے کہ گوا سے کولم تک دو مہینے کی مسافت ہے[3]۔

مارکو پولو Marco Polo (۱۲۷۱ء) نے لکھا ہے کہ مالابار ہیلی سے شروع ہو کر گجرات تک چلا گیا ہے[4]۔ پرتگیز سیاحوں اور خصوصاً تھیونو Thevenot (۱۶۶۷ء) نے لکھا ہے کہ کنانور سے راس کماری تک جو ملک واقع ہے وہ مالابار کہلاتا ہے[5]۔

ملیبار کے ایک طرف جانب مغرب ساحل بحر اور دوسری طرف جانب مشرق مغربی گھاٹ کا سلسلہ پھیلا ہوا ہے۔ اور دونوں کے وسط میں ملیبار کا علاقہ واقع ہے۔

مغربی گھاٹ

مغربی گھاٹ کوہستان کا ایک عظیم الشان سلسلہ ہے۔ دریائے تاپتی کی وادی سے شروع ہو کر راس کماری تک کم و بیش ایک ہزار میل چلا گیا ہے۔ ملیبار میں اس سلسلۂ کوہ کی بلندی تین ہزار سے آٹھ ہزار فیٹ تک پائی جاتی ہے اور شمال میں ساحل بحر اس سے

---

[1] Elliot's Historians of Muhammadan India. Persian Text. pp. 10.

[2] تقویم البلدان طبع یورپ۔ ص ۳۵۴

[3] سفرنامہ ابن بطوطہ (اردو ایڈیشن) ج ۲۔ ص ۲۸۱

[4] Yule's Marco Polo. Vol. II. pp. 389.

[5] سفرنامہ موسیو تھیونو (اردو ترجمہ) ص ۶۳

بین میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ اس کے بعد جانب جنوب اس کی مسافت بتدریج بڑھتی گئی ہے
پال گھاٹ — یہاں تک کہ پال گھاٹ کے قریب اس کا بُعد ساحل بحر سے ساٹھ میل ہوگیا ہے۔ اور اس طویل
سلسلے میں صرف اس جگہ ایک فصل پیدا ہوگیا ہے جس کی مسافت ۱۶ میل ہے اور اسی درہ سے
اندرون ملک ریل داخل ہوکر مغربی ساحل پر نکلتی ہے۔ یہ درہ ملیبار کے عین وسط میں واقع ہوا ہے
دی وئن مالا — اور اسی کے قریب اس گھاٹ کی ایک بلند ترین چوٹی واقع ہے جس کا نام وے وُن مالا یا
کوہان شتر ہے۔ اس کی بلندی کم وبیش سات ہزار چھ سو فیٹ ہے۔ اس کے بعد جانب جنوب
آنے ملیس — کوہستان کا جو سلسلہ چلا گیا ہے اس کا نام آنے ملیس یا جبل الفیل ہے اور اسی پہاڑی سلسلے کی
کوڈے نال — ایک چوٹی پر کوڈے نال کا گرمائی مقام واقع ہے۔ جس کی صحت بخش آب وہوا نیلگری سے بہتر
سمجھی جاتی ہے۔

ملیبار کے نباتات — ملیبار نہایت زرخیز، سرسبز اور شاداب ملک ہے۔ یہاں کی چھوٹی چھوٹی پہاڑیوں اور ان کی وادیوں میں انواع واقسام کے قیمتی نباتات پیدا ہوتے ہیں اور ان میں اکثر ایسی ہیں جن کی پیدائش اس ملک سے مخصوص ہے۔ مثلاً سیاہ مرچ، الائچی، جوز، جاوتری، لونگ وغیرہ اور ان کے علاوہ پان، دارچینی، ناریل، چھالیہ، قہوہ، نیل اور سنکونا بھی یہاں پیدا ہوتا ہے۔ کالی مرچ اور پان کے درخت یہاں خود رو اُگتے ہیں۔ اسی وجہ سے اسلامی سیاحوں نے اس علاقہ کا نام بلاد فلفل اور[1] معدن تنبول رکھا ہے۔

ملیبار کے نباتات پر اہل یورپ کی قدیم ترین تصنیف — یہاں کے جنگلوں میں قیمتی چوبینہ کثرت سے پایا جاتا ہے۔ بالخصوص بانس اور ساگوان کی نہایت افراط ہے۔ وان ریڈ Van Rheede نے جو اس ملک کے ایک حصے پر ڈچوں کی طرف سے گورنر ہوکر آیا تھا یہاں کی نباتات پر ایک ضخیم کتاب لکھی ہے۔ جس کا نام

---

[1] عجائب الہند۔ ص ۹۴ ۔ ابو الفداء۔ ص ۳۵۵

Elliot's Historians of Muhammadan. India Persian ص
Text pp. 10

ہورٹوس مالا باریکوس Hortus Malabaricus ہے[ل]۔ اس میں ۹۴ قسم کی
ان مختلف نباتات کا ذکر ہے جو ملیبار اور جنوبی ہندوستان میں پیدا ہوتی ہیں اور یہ سب سے
پہلی کتاب ہے جو اس ملک کی نباتات پر یورپ میں لکھی گئی ہے۔

ملیبار کے کوائف ارضی

اس ملک کے کوائف ارضی مختلف نوعیت پر واقع ہوئی ہیں۔ اس لئے اس ملک کے طبعاً کئی حصّے ہو گئے ہیں اور قدیم ہندوؤں نے ان حصّوں کو اُن کی کوائف ارضی کے لحاظ سے موسوم کیا ہے۔

پولی

شمالی علاقہ ریتیلا ہے۔ اس لئے قدمائے ہنود اُسے پولی کہا کرتے تھے۔

کدم

اس کے جنوب میں دریائے پریار تک جو علاقہ ہے وہ کدم کہلاتا ہے جس کے معنی ہیں "جھیلوں کی سرزمین"۔

کرکا

اور ان دونوں کے مشرق کی زمین کرکا کے نام سے موسوم تھی۔ جس کے معنی ہیں "پہاڑیوں کی زمین"۔

مردم شماری

سررشتہ مردم شماری نے ملیبار کی آبادی کے جو اعداد و شمار شائع کئے۔ اُن سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں کی آبادی ہندوستان میں بمقابلہ دیگر علاقوں کے زیادہ گنجان ہے اور اُسے روز بروز ترقی ہو رہی ہے۔

۱۸۷۱ء / ۱۲۸۸ھ	۲۲۶۱،۲۵۰
۱۸۸۱ء / ۱۲۹۹ھ	۲،۳۶۵،۰۳۵
۱۸۹۱ء / ۱۳۰۹ھ	۲،۶۵۲،۵۶۵
۱۹۰۱ء / ۱۳۱۹ھ	۲،۸۵۵،۵۵۵

ان میں فی صدی ۶۸ ہندو ۳۰ مسلمان اور دو نصرانی ہیں

ل یہ کتاب بارہ جلدوں میں ۱۱۹۲ھ / ۱۷۷۸ء میں بمقام امسٹرڈم طبع ہوئی ہے۔

(۲)

ملیبار کی قدیم تاریخ

جنوب بعید کی قدیم سلطنتیں

ہندوستان کے جنوبی خطہ میں جناب مسیح کی ولادت سے مدت پہلے تین سلطنتیں قائم تھیں پانڈیا، چولا، چیرا۔ پانڈیا کی حکومت انتہائے جنوب میں واقع تھی۔ اس کے مشرق میں ویلار کے دریا سے پنار تک ساحل معبر پر چولا خاندان حکمران تھا۔ چیرا خاندان والے کوکن کے جنوب میں راس کماری تک ساحل ملیبار پر برسرِ حکومت تھے۔ یہ تینوں سلطنتیں مسلمانوں کی فتوحات تک قائم تھیں اور جنوب کا قدیم تمدن انھیں سلطنتوں کے سایۂ عاطفت میں نشو و نما پایا تھا۔

چیرا خاندان کا ذکر اشوک کے کتبوں میں

چیرا خاندان کا ذکر اشوک کے کتبوں میں چیرل پتر (Chaeralam Putra) کے نام سے آیا ہے اور اس سے اس خاندان کی تاریخی قدامت کا اظہار ہوتا ہے۔[1] ان کا قدیم دارالسلطنت ونجی یا کرُور تھا جس کے کھنڈر دریائے پریار کے کنارے کوچین سے جانب شمال مشرق اٹھائیس میل کے فاصلہ پر اب بھی موجود ہیں۔ اس کے بعد انھوں نے ترونجی کلم کو دارالسلطنت بنایا۔ یہ شہر دریائے پریار کے دہانہ پر آباد تھا۔[2]

چیرا خاندان کی تاریخ ابھی تک تاریکی میں ہے۔ سندر رام پلے اور پروفیسر کیلھارن

[1] Caldwell's Grammar. pp. 22.

[2] Indian Antiquary. Vol- XVIII, pp.259. Vol. XXXI. pp. 343. Epigraphia India Vol. IV. pp. 294.



هندوستان جنوبی
دیوگیر
ورنگل
گلبرگه
بجاپور
حیدرآباد
بمبئی
گوا
هنور
سنداپور
دوارسمندر
کالیکوت
کوچین
کولم
مدورا
نیلور
مدراس
گوداوری

Kielhorn نے اس خاندان کے دو سو سے زیادہ کتبے فراہم کئے ہیں اور ان کی مدد سے بارہویں صدی عیسوی تک اس علاقہ کا تاریخی مواد حاصل کیا ہے لیکن اس میں کوئی دلچسپی نہیں ہے اور نہ اس خاندان کی سلسلہ وار فہرست معلوم ہوسکتی ہے۔[1]

چیرا خاندان کا اخیر راجہ چیرومن پیرومال

پروفیسر کیلہارن کی تحقیقات کے موافق اس خاندان کا اخیر راجہ چیرومن پیرومال Cheroman Peromal ہے۔ اس نے قبول اسلام کے بعد عرب جانے کا ارادہ کیا تو حکومت سے دست کش ہو کر مملکت کو اپنے سرداروں میں تقسیم کردیا۔ ان جدید حکمرانوں میں کالی کوٹ کے سامری نے بعد میں چل کر خوب شہرت اور ناموری حاصل کرلی تھی۔ ایک قدیم

سامری خاندان کا آغاز

مقامی روایت کے موافق سامری خاندان کا آغاز اس طرح پر ہوا ہے کہ چیرومن پیرومال نے جب اپنی سلطنت مختلف سرداروں میں تقسیم کردی تو اس کے بعد ایک سردار حاضر ہو کر اپنے لئے راجہ سے ملک کا طالب ہوا۔ اس وقت راجہ کے پاس تلوار کے سوا کوئی اور چیز موجود نہ تھی۔ روبرو ایک مرغ کھڑا بانگ دے رہا تھا۔ راجہ نے تلوار سردار کے حوالہ کردی

کالی کوٹ کی وجہ تسمیہ

اور کہا کہ مرغ کی آواز جہاں تک جائے اس قدر علاقے پر اس تلوار کے زور سے قبضہ کرلے۔[2] اس حکم کے بعد سردار نے جس قدر ملک پر قبضہ کرلیا اس کا نام کالی کوڈ پڑ گیا جس کے معنی ہیں "مرغ کی حکومت"۔

لفظ سامری کی تحقیق

مورخین نے اس جدید خاندان کا لقب سامری بیان کیا ہے۔ یہ لفظ ملیالم زبان کا ہے اور اس کی اصل چار طرح پر بیان کی گئی ہے سلوری، ساموتری، ناموری، تاموتری۔ یہ سب لفظ سامندری کی مسخ شدہ صورتیں ہیں جس کے معنی ہیں "ملک البحر" یا سمندر کا بادشاہ۔[3]

---

[1] Epigraphia Indica Vol. VI Supplement O. No. 66 To 939.

[2] تاریخ فرشتہ ج ۲۔ ص ۲۰۰

[3] Makcenzie Collection Vol. I pp XCVII.

چیرا خاندان کی حکومت چوں کہ ساحل سمندر پہ واقع تھی، اس لئے انھوں نے بھی یہ لقب اختیار کیا تھا۔ کالی کوڈ کی حکومت بھی چوں کہ ساحل سمندر پر قائم ہوئی تھی، اس لئے یہاں کے راجاؤں نے بھی اپنے لئے بعد میں یہ ہی لقب اختیار کیا۔ لیکن یہ لقب اسلامی تاریخوں میں دسویں صدی ہجری کے بعد مستعمل ہوا ہے اور سب سے پہلی کتاب جس میں یہ نام آیا ہے تحفۃ المجاہدین ہے۔ مورخ فرشتہ نے اپنی تاریخ میں اس لقب کو اسی کتاب سے نقل کیا ہے

زیمور — دسویں صدی ہجری سے پہلے جو شمالی سیاح اس ملک میں آئے تھے انھوں نے یہاں کے راجہ کا لقب زیمور لکھا ہے اور مشہور مورخ ابوالحسن مسعودی نے جس کا انتقال ۳۴۶ھ ۹۵۰ء میں ہوا ہے اس علاقہ کو زیمور کی عملداری کے نام سے موسوم کیا ہے[۱]

زیمورن کی اصلیت — مسلمانوں کی رہنمائی سے پرتگیزوں نے جب اس ملک میں قدم رکھا تو انھوں نے بھی یہاں کے راجہ کے لئے زیمور کا لقب استعمال کرنا شروع کیا جو کچھ عرصہ کے بعد تصرف پاکر زیمورن Zamorin ہوگیا اور یورپین لٹریچر میں اب تک مروج و مستعمل ہے

(۳)

ملیبار سے اقوام عالم کے تعلقات

ازمنۂ قدیمہ میں ملیبار کے ساتھ اقوام عالم کے تعلقات — سکندر کبیر کے خروج سے صدیوں پہلے ملیبار میں عربوں کی آمد و رفت شروع ہوگئی تھی۔ ملیبار کی پیداوار خلیج فارس کی راہ سے سب سے پہلے عرب کے جنوبی ساحل پہ پہنچتی تھی۔ پھر یہاں سے عربوں کے کاروان یمن اور حجاز سے گزرتے ہوئے ان اجناس کو شام میں تدمور اور مصر میں اسکندریہ تک پہنچاتے تھے۔ یورپ کے تجار ان مقامات سے اس

---

[۱] مروج الذہب - ج اول - ص ۳۸۲


یورپ
ترکستان
ایران
ہندوستان
عرب
مصر
بحر اسود
بحر خضر
ایشیائے کوچک
بحر فارس
شام
حجاز
عقبہ
حضرموت
یمن
سقوطرہ
مدراس
قسطنطنیہ
یونان
روما

سامان کو حاصل کر کے اپنی تجارت گاہوں میں داخل کیا کرتے تھے۔ غرض کہ قدیم زمانہ میں ہندوستان اور یونان و روم کے مابین جو تجارت ہوا کرتی تھی۔ اس کا توسط عرب اور ان کے بعد مصر و شام کے باشندے تھے۔

عرب میں ملیبار کی تجارت کا مرکز

عرب میں ملیبار کی تجارت کا مرکز مدینہ ظفار تھا جو حضر موت کے ساحل پر واقع ہے اور یہاں کے تجار بلاواسطہ ملیبار سے تجارت کیا کرتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ اس شہر میں اور اس کے اطراف ملیبار کے اکثر درخت اب بھی پائے جاتے ہیں۔ مثلاً نارجیل، فوفل تنبول وغیرہ[۱]

ملیبار کے ساتھ ملوک بنی اسرائیل کے تجارتی تعلقات

عہد عتیق کے مقدس صحیفوں سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت داؤد اور حضرت سلیمان علیہم السلام کے زمانہ میں بنی اسرائیل نے بھی ملیبار سے تجارتی تعلقات پیدا کئے تھے۔ چنانچہ ملوک اور ایام کی کتابوں میں تحریر ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام اپنے عہد حکومت میں دو بحری مہمیں اوفیر اور ترسیس کو روانہ کیا کرتے تھے۔ مقصد ان کا یہ تھا کہ وہاں سے سونا، چاندی صندل کی لکڑی، ہاتھی دانت، مور اور بندر لائے۔

ترسیس کی مہم تین برس کے عرصہ میں واپس ہوا کرتی تھی۔ یہ طریقہ بنی اسرائیل میں حضرت سلیمان علیہ السلام کے بعد بھی یہوسفط کے زمانہ تک جاری تھا اور خود یہوسفط نے بھی ایک مہم دس جہازوں کی ترسیس اور اوفیر کی جانب روانہ کرنے کے لئے تیار کی تھی لیکن قبل اس کے کہ بندرگاہ سے روانہ ہوتی ایک طوفان کے باعث تباہ و برباد ہو گئی[۲]

بنی اسرائیل کا بندرگاہ بحر احمر میں

بنی اسرائیل کا بندرگاہ عصیون جبر تھا جو بحر احمر میں خلیج عقبہ کے بالائی حصے پر واقع ہے[۳]۔ اسی جگہ ان کے جہاز بھی تیار ہوا کرتے تھے۔ اوفیر اور ترسیس کہاں واقع تھے۔ اس کی

۱؎ صناجۃ الطرب فی تقدمات العرب (اردو ترجمہ) ص ۱۹

۲؎ سفر الایام۔ کتاب ثانی۔ باب بستم آیت ۳۷۔ سفر الملوک۔ کتاب اول باب ۲۲۔ آیت ۴۸

۳؎ سفر الملوک۔ کتاب اول۔ باب ۹۔ آیت ۲۶

نسبت مدت سے اختلاف چلا آرہا ہے۔ پروفیسر لاسین Lassen اور جنرل کننگھام Canningham کی رائے میں اوفیر سے ابیراھرا ہے۔ جس کا ذکر بطلیموس Ptolemy نے کیا ہے اور جو مہران (دریائے سندھ) کے ڈیلٹا میں آباد تھا۔ لیکن یہ رائے تورات کے بالکل مخالف ہے۔ کیوں کہ کتاب التکوین سے معلوم ہوتا ہے کہ اوفیر یقطان کے بیٹے کا نام تھا[۱]۔ باپ بیٹا اور اس کے دوسرے بھائی یہ سب عرب کے جنوب مشرقی علاقے میں میسار سے سفار تک آباد ہوئے تھے۔ اس بنا پر ہم کو چاہیئے کہ اوفیر کو جنوبی عرب میں تلاش کریں نہ کہ ہندوستان میں

عہد عتیق کے یونانی ترجمہ میں (جس کو جناب مسیح کی ولادت سے پہلے بہتر یہودی علماء نے اسکندریہ میں ترجمہ کیا اور جو سیپٹواجنٹ Septuagint کہلاتا ہے) یہ نام بجز کتاب التکوین کے جہاں کہیں بھی آیا ہے وہاں اس کا تلفظ سوفیر (ΣΟΥΦΙΡ) اور سوفیرا (ΣΟΥΦΙΡ) تحریر ہے۔ اس بنیاد پر وثوق کے ساتھ کہا جاسکتا ہے کہ حضرموت کا مشہور شہر ظفار یا یمن کا قدیم دارالحکومت سفالہ اس سے مراد ہے۔

ملیبار کے اجناس جن کو حضرت سلیمانؑ منگوایا کرتے تھے

ترسیس کے متعلق عام خیال یہ ہے کہ یہ شہر ایشیائے کوچک کے علاقے قلیقیہ (Cilicia) میں واقع تھا۔ لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ بنی اسرائیل نے اس کی جانب جو مہمیں روانہ کی ہیں وہ خلیج عقبہ اور بحر احمر سے گزرتی ہیں تو موجودہ رائے کے خلاف اس کے موقع و محل کی نسبت ایک جدید رائے قائم کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔

ترسیس سے حضرت سلیمان علیہ السلام کے یہاں جو سامان آیا ہے اُن میں صندل، موز اور بعض ایسے اشیاء ہیں[۲] جن کی پیدائش ہندوستان سے مخصوص ہے اور ان کے عبرانی میں جو نام استعمال ہوئے ہیں اُن کا ماخذ دراویڈین الفاظ ہیں۔ اصل عبرانی

صندل

[۱] سفر التکوین۔ باب ۱۰۔ آیت ۲۹

[۲] سفر الملوک کتاب اول باب ۱۰۔ آیت ۱۱ و ۲۲۔ سفر الایام کتاب دوم باب ۹ آیت ۱۰ و ۱۱۔

مور

صحائف میں صندل کے لئے الگوم ([illegible]) اور مور کے لئے توکی ([illegible]) کے الفاظ مذکور ہیں۔ جو ملیالم کے الگو Alagu اور ٹامل کے ٹوکی Tuki یا تُوگی Tugi سے بلا کسی توسط کے عبرانی میں داخل ہوئے ہیں اور ان سے اس بات کا قطعی ثبوت ملتا ہے کہ بنی اسرائیل نے ان چیزوں کو ساحل ملیبار سے راست حاصل کیا تھا اور ترسیس بھی اسی ملک میں واقع تھا جواب ناپید ہو کر فراموش ہو گیا ہے۔

چاول

ٹامل زبان میں چاول کو ارِسی Arisi کہتے ہیں۔ یہ لفظ کسی قدر تصرف کے بعد عربی اور عبرانی زبانوں میں اُرز اور یونانی زبان اُروزا (ὄρυζα) ہو گیا ہے۔ جناب مسیح سے چار پانچ سو سال پہلے عرب میں ملیبار سے بکثرت چاول آیا کرتے تھے اور سوفاکلس Sophocles کے زمانہ میں اہل یونان اس کو بہترین غذا سمجھ کر استعمال کیا کرتے تھے اور یہ سب باتیں اس امر کی بیّن دلیل ہیں کہ اہل عرب، بنی اسرائیل اور اہل یونان چاول کو ملیبار سے حاصل کیا کرتے تھے۔

ملیبار سے رومیوں کے تجارتی تعلقات

اہل عرب جن اجناس کی تجارت کیا کرتے تھے۔ ان کی نسبت اہل یونان و روم کو معلوم تھا کہ وہ ہندوستان کی پیداوار ہیں لیکن انھیں اس امر سے واقفیت نہ تھی کہ ہندوستان تک آمد و رفت کس راہ سے ہوا کرتی ہے۔ قیصر آگسٹس Augustus نے جناب مسیح سے تیس سال پہلے مصر کو فتح کر لیا تو اس کے باعث بحر احمر پر رومیوں کا قبضہ ہو گیا۔ اس واقعہ کے کچھ ہی عرصہ بعد قیصر کلادیوس Claudius کے زمانہ میں

ساحل ملیبار پہ رومیوں کے جہاز کا پہلی مرتبہ آنا

رومیوں کا ایک جہاز بحرِ احمر سے نکلا اور بادِ مخالف کی زد میں آ کر ہندوستان کے جنوبی ساحل تک پہنچ گیا۔ اس وقت رومیوں کو معلوم ہوا کہ ساحل عرب کے کنارے کنارے ہو کر ہندوستان کو جانے کے عوض براہ راست سواحل ہند تک آمد و رفت ہو سکتی ہے۔ اس کے بعد مصر کے رومی تجار نے ساحل ہند پر آنا جانا شروع کیا۔ ملیبار کا

مصر سے ملیبار تک مدت مسافت

علاقہ ان کی تجارت کا مرکز قرار پایا۔ پلینی Pliny نے بیان کیا ہے کہ اس وقت جو جہاز

مصر سے نکلتے وہ ساحل ملیبار تک دو مہینے دس یوم میں پہنچ جاتے تھے۔[1] فرزس

ملیبار میں رومیوں کے تجارتی مرکز

Muziris اور پوہار Phohar اس زمانہ میں ملیبار کے بارونق بندرگاہ تھے یہاں سے رومی جہازوں پر ہندوستان کی اجناس لادی جاتی تھیں۔ پہلی اور دوسری مسیحی صدیوں میں رومی باشندوں کی بہت بڑی تعداد ان بندرگاہوں میں آکر آباد ہوگئی تھی اور مزرس میں ان لوگوں نے قیصر آگسٹس Augustus کے نام سے

ملیبار میں رومیوں کی نوآبادی

ایک عالی شان معبد بھی تعمیر کیا تھا۔ ٹامل کے ادب قدیم میں ان نودارد رومیوں کو یون کے نام سے یاد کیا گیا ہے۔ چیرا راجاؤں کی محافظ فوج کے جو سپاہی ٹامل منظومات میں زبردست یون اور گونگے ملیچھوں کے نام سے موسوم ہیں۔ ان سے یہ ہی نودارد مراد ہیں جو روم سے آکر یہاں کی فوج میں ملازم ہوگئے تھے۔

ملیبار کے حاصلات جو روم کو جایا کرتے تھے

اس زمانہ میں ملیبار سے روم کو زیادہ تر تین چیزیں جایا کرتی تھیں۔ مرچ، موتی، پنا۔ مرچ کی پیدائش ملیبار سے مخصوص ہے۔ موتی جنوب کے سمندروں میں اب بھی کثرت سے نکلتے ہیں۔ پنا زمرد سے ملتا جلتا ایک قیمتی پتھر ہے۔ رومیوں کے یہاں نہایت قدر و قیمت سے فروخت ہوتا تھا۔ اس کو رومی تجار دو کانوں سے حاصل کیا کرتے تھے۔ ایک کان علاقہ میسور میں کتور کے قریب دریائے کبنی کے کنارے واقع تھی۔ دوسری کان پدیور میں تھی جو ضلع کوئم ٹور میں جانب جنوب مشرق چالیس میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔

قدمائے یورپ میں مرچ کی قدر و قیمت

قدیم زمانہ میں مرچ کو اہل یورپ بڑی بڑی قیمتیں دے کر خرید کیا کرتے تھے۔ حتیٰ کہ اس کی قدر و قیمت سونے سے بھی زیادہ سمجھی جاتی تھی۔ چنانچہ قوم گاتھ کے بادشاہ الرک Alaric نے جب رومیوں کو شکست دے کر ان سے تاوان جنگ کا مطالبہ کیا تو اس میں تین سو پونڈ مرچیں بھی شامل کیں۔

---

[1] تمدن ہند۔ ص ۱۷۱۔

رومی مصنفین میں پلینی اور بطلیموس ملیبار کے بندرگاہوں اور تجارت کی منڈیوں سے خوب واقف تھے۔ اسی زمانہ میں ۸۰ء کے قریب ایک رومی تاجر نے ملیبار کا سفر کیا تھا اس نے اپنا سفرنامہ بھی لکھا ہے جس کا نام "بحر ایرتھرین کا پیری پلس" ہے۔ اس میں ساحل ملیبار اور یہاں کی رومی تجارت کے متعلق بعض کارآمد اطلاعات مذکور ہیں

رومیوں کی تجارت کا انحطاط

رومیوں نے ملیبار اور جنوبی ہندوستان سے جو تجارتی تعلقات قائم کئے تھے وہ جناب مسیح کی ولادت کے بعد کم و بیش ڈھائی سو سال تک خوب رونق پر تھے۔ مصر کے بطلیموسی بادشاہوں کی سعی و کوشش سے ان تعلقات کو خوب ترقی ہو گئی تھی اور اس تجارت کا مرکز مصر میں اسکندریہ بنا ہوا تھا۔ ۲۱۵ء میں کرکالا Caracalla نے اسکندریہ میں قتل عام کر دیا جس کے باعث شہر تباہ ہو گیا اور رومیوں کی تجارت کا جو سلسلہ بندر اسکندریہ کی وساطت سے جنوبی ہندوستان کے ساتھ قائم تھا وہ تباہ ہو کر کچھ عرصہ کے بعد بالکل مسدود ہو گیا۔[1] اور یہ تجارت حسب سابق پھر عربوں کے قبضہ میں آگئی اور اس زمانے سے پرتگیزوں کے ہندوستان میں آنے تک بے خوف و خطر اہل عرب اس تجارت کے مالک بنے رہے

عربوں کے تجارتی تعلقات ملیبار کے ساتھ

عربوں کی آمد و رفت کا زمانہ

عربوں کے جہاز جولائی اور اگست میں جب کہ ہوا کا رخ مشرق کی جانب ہوتا تھا ساحل ملیبار کی جانب روانہ ہوتے تھے اور یہاں تین چار مہینے تک کاروبار انجام دینے کے بعد دسمبر یا جنوری میں وطن کو واپس چلے جاتے تھے۔ اس زمانہ میں یہ مسافت تیس سے چالیس دن میں طے ہوا کرتی تھی۔[2]

---

[1] J. R. A. S. Oct. 1907. pp. 954-5.

[2] Early History of India pp. 697.

(۴)

ساحل ملیبار پر مقدس تھوما کا ورود

مقدس تھوما کا ملیبار میں آنا

قدمائے نصاریٰ کی مذہبی روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ اشاعت دین کی غرض سے مقدس تھوما St. Thoms نے ہندوستان کا سفر کیا تھا[1]۔ کہا جاتا ہے کہ مقدس تھوما ابتداءً جزیرۂ سقوطرہ میں آیا۔ وہاں دینی خدمات انجام دینے کے بعد ۵۲ء کے قریب ہندوستان کی جانب روانہ ہوا۔ ملیبار کے ساحل پر بمقام کرنگانور (جس کو پلینی نے مزرس لکھا ہے) جہاز سے اوترا اور عرصۂ دراز تک اس ملک میں اشاعت مذہب کرتا رہا۔ اور جب جماعت کثیر نے مذہب مسیحی کو قبول کر لیا تو اُن کے لئے مختلف مقامات پر آٹھ کلیسا تعمیر کئے۔ مقامات کے نام یہ ہیں:

مقدس تھوما کا ملیبار میں آٹھ کلیسا تعمیر کرنا

١۔ کرنگانور Cranganore

٢۔ کولم Quilon

٣۔ پالور Palur

۴۔ پارور Parur

۵۔ پلیپورم Pallipuram

٦۔ کوکامنگلم Kokamungalum

[1] ہندوستان میں سینٹ تھامس کی آمد کے متعلق مسیحی مذہب کے ابتدائی ادبیات میں جس قدر روایات ہیں اُن سب کو ڈبلیو آر فلپس W. R. Philips نے جمع کیا ہے A. Vol. XXXII 15-160-245



سریانی عیسائیوں کا پہلوی کتبہ

٦- نیرانم Neranum

٧- نیل کل Nellakul

یہ سب مقامات کرنگانور سے راس کماری تک ملیبار کے ساحلی علاقے میں واقع تھے مقدس تھوما نے مقامی باشندوں سے انتخاب کر کے دو خاندانوں کو مذہبی پیشوا بنایا اور نیز ان کے ذمہ آٹھوں کلیسا کی نگہداشت بھی مقرر کی۔ یہ مذہبی پیشوا شنکرپوری اور پکلومتم کے خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ آخر الذکر خاندان اٹھارہویں صدی تک باقی تھا اور اسی خاندان کے زمانہ میں آرچ ڈیکن اور ولندیزوں کے زمانہ میں کلیسا کے لئے اسقف منتخب کئے گئے تھے[1]

مقدس تھوما کا معبر میں آنا

مقدس تھوما نے جب ملیبار میں اشاعت دین کے فرائض پورے کر دیئے تو مشرقی ساحل کی جانب روانہ ہوا۔ جو معبر کے نام سے مشہور ہے اور یہاں آکر ایک پہاڑی پر

مقدس تھوما کی شہادت اور اس کا مقبرہ

اس نے سکونت اختیار کی جس کے قرب و جوار میں بعض بدینوں نے اسے شہید کر دیا۔ یہ پہاڑی مدراس کے قریب سمندر کے کنارے واقع ہے۔ جسے یورپین مصنف مقدس تھوما کا پہاڑ (Thomas Mount St اور فارسی مصنف فرنگی کنڈہ کہتے ہیں۔ مقدس تھوما کا مقبرہ جو سین تھوم San-Thome کہلاتا ہے۔ میلاپور میں اب بھی موجود اور زیارت گاہ خاص و عام بنا ہوا ہے۔[2]

ساحل ملیبار میں عیسائی مذہب کی قدامت

ان روایات کے بموجب تیسری صدی کے اخیر ایام میں شیو مذہب کا ایک مجتہد مانک واسگر گذرا ہے۔ اس کے متعلق مشہور ہے کہ وہ سنہ ۲۷۰ء میں ساحل ملیبار پر وارد ہوا اور یہاں کے دو عیسائی خاندانوں کو مناظرے کے ذریعے سے مغلوب کر کے ہندو بنا لیا تھا۔ ان خاندانوں کی اولاد ملیبار میں اب تک موجود اور منگرامکر کے نام سے موسوم ہے

---

[1] Indian Christians of St. Thomas pp. 70-71.

[2] Tamilian Antiquary, Vol. 1. No. IV. pp. 53—5[illegible]—73—[illegible]

یہ امر اس بات کو ثابت کر رہا ہے کہ ساحلِ ملیبار پر مسیحی مذہب حقیقت میں غیر معمولی قدامت رکھتا ہے اور اس سے نہ صرف اُن بیانات کی تردید ہو جاتی ہے جس میں تسلیم کیا گیا ہے کہ تیسری صدی کے اخیر میں عیسائی مذہب نے یہاں رواج پایا بلکہ اس بات کا یقین ہو جاتا ہے کہ اس ملک میں مقدس تھوما ضرور وارد ہوا تھا۔

ساحلِ ملیبار پر نسطوری عیسائیوں کا آنا

ظہورِ اسلام سے پہلے جو عیسائی ملوک ساسانیہ کے زیرِ حمایت آباد تھے انھوں نے نسطوریس Nestoris کے عقاید کو اختیار کر لیا تھا اور ان کا مرکز نصیبین تھا جس کے آثار عراق عرب میں موصل کے قریب اب بھی موجود ہیں۔ عراق کے باشندے خلیج فارس کی راہ سے ہمیشہ سواحل ہند پر آیا جایا کرتے تھے۔ ان کے ساتھ نسطوری واعظین نے بھی ملیبار اور معبر میں آنا شروع کر دیا تھا اور ان بلاد میں اپنا کلیسا بھی قائم کر لیا تھا۔ جس کی قدامت کو ظاہر کرنے کے لئے ان کا کندہ کیا ہوا ایک کتبہ اس وقت بھی موجود ہے۔ سینٹ تھامس کے پہاڑ St. Thomas Mount پر رومن کیتھولک عیسائیوں کا ایک قدیم چرچ ہے جو شہنشاہ اکبر کی تحت نشینی سے نوسال پہلے ۹۵۴ھ ۱۵۴۷ء میں تعمیر ہوا ہے۔ دورانِ تعمیر میں یہ کتبہ کسی اور مقام سے لا کر اس میں نصب کر دیا گیا ہے۔ اس کی شکل صلیب کی ہے اور اس کے اطراف پہلوی خط میں عبارت کندہ ہے۔ یہ خط اسلام سے پہلے ساسانیوں کے عہد میں ایران میں رائج تھا۔ ماہرین علیقیات کی رائے ہے کہ ہجرت کی دوسری صدی میں ؁ کے قریب اس کی کتابت ہوئی ہے۔[1]

عرب کے یہودیوں کا ملیبار میں آنا

چوتھی صدی عیسوی تک یہودی اور عیسائی دونوں مذہب یمن اور حضر موت میں پھیل گئے تھے۔ اخیر زمانہ کے حمیری بادشاہوں نے یہودیت کو قبول کر لیا تھا اور ان کے

---

[1] ڈاکٹر برنل نے اس کتبہ کی نسبت ایک رسالہ لکھا ہے جو ۱۸۷۳ء میں منگلور میں چھپا ہے۔

Phalavi Inscription in South India by A. C. Burnell.

ترکستان
کاشغر
بخارا
سمرقند
بلخ
بحر خوارزم
هندوستان
دهلی
کلکته
گجرات
بمبئی
حیدرآباد
صیمور
گوا
نیلور
مدراس
کالیکوت
جزائر لمیبار
حضرموت
مسقط
ظفار
عدن
سقوطره
بغداد
تبریز
اصفهان
شیراز
لار
هرمز
طهران
بصره
مدینه
مکه
قاهره

علاقہ میں جو باشندے عیسائی تھے اُن کو جبر کے ساتھ یہودی بنا لیا کرتے تھے۔ ظہورِ اسلام سے تھوڑی مدت پہلے حبش کے نصرانیوں نے جن کا ذکر قرآن مجید میں اصحاب الفیل کے نام سے آیا ہے، یمن پر قبضہ کرلیا۔ اس وقت یہودیت اور نصرانیت دونوں میں سخت تصادم ہوا۔ اسی زمانہ میں دونوں نے ایک مجلسِ مناظرہ منعقد کی۔ عیسائیوں کی طرف سے ظفار کا بشپ جریجنتیوس Gregentius اور حمیری یہودیوں کی جانب سے ہربانوس Herbanus میدانِ مناظرہ میں آئے۔ جب کوئی تصفیہ نہ ہوا تو مباہلہ قرار پایا۔ عیسائی غالب آگئے تھے، اس لئے انھیں کو فتح نصیب ہوئی اور انھوں نے یہودیوں پر طرح طرح کے ظلم و ستم توڑے[1]۔ اس ہنگامہ میں بہت سے یہودی جو تجارت کی غرض سے ملیبار میں آیا جایا کرتے تھے اُن کے عزیز و اقارب ملیبار میں چلے آئے اور یہاں کے دو شہروں میں جن کے نام شنیت اور پیسنگل ہیں سکونت پذیر ہو گئے۔ ابوالفدا کے زمانہ تک یہ بستیاں موجود تھیں اور ساحلِ عرب کے یہودی قبائل آباد تھے۔[2]

(۵)

ساحلِ ملیبار پر مسلمانوں کا توطّن

عرب کے ساحلی باشندوں کا اسلام قبول کرنا

جب پیغمبرِ اسلام علیہ السلام نے جب مکہ سے مدینہ کو ہجرت فرمائی تو اس تاریخ سے ہجری سنہ کا دور شروع ہوا۔ سات آٹھ سال کے اندر اندر عرب کے سیکڑوں قبائل حلقہ بگوشِ اسلام ہو گئے۔ بڑے بڑے سرداروں نے اپنے وفود بھیج کر قبولِ اسلام کا اقرار کیا

[1] سیل کے ترجمۂ قرآن مجید کا مقدمہ ص ۱۶۰

[2] تقویم البلدان ص ۵۵

یمن اور حضر موت کے ساحلی باشندے بھی سنہ ۹ھ (۶۳۰ء) اور سنہ ۱۰ھ (۶۳۱ء) میں مطیع اسلام ہو گئے۔[۱] یہ سب تجارت پیشہ قبائل تھے۔ اس زمانہ میں ان کی بحری تجارت کمال عروج پر تھی اور ان کے جہاز فارس، مصر، سندھ، کمکم، ملیبار، معبر، سرندیپ، قاقلہ، زانج اور چین و ماچین وغیرہ ممالک میں آیا جایا کرتے تھے۔ یہ لوگ تجارت کے لئے جن جن علاقوں میں پہونچے وہاں اسلام کی آواز کو بھی پہونچایا اور ان کے ذریعے سے خیر القرون ہی میں ظہور اسلام کی کیفیت ہند و سندھ سے گزر کر جزیرہ سرندیپ تک پہونچ گئی تھی اور مشہور خلیفہ عبد الملک بن مروان (سنہ ۶۵ھ (۶۸۴ء) سنہ ۸۶ھ (۷۰۵ء)) کے زمانہ تک ان مسلمان تاجروں کی ایک جماعت نے اپنے اہل و عیال کے ساتھ سرندیپ میں آ کر سکونت اختیار کر لی تھی۔

تجارت اہل عرب کی وسعت

---

[۱] یمن اور حضر موت کے جن قبائل نے سنہ ۱۰ھ (۶۳۱ء) تک اسلام قبول کیا ہے ان کی تفصیل ذیل میں درج ہے:

بنی حمیر، یہ یمن کا مشہور و معروف قبیلہ ہے۔ اس کے شہزادوں نے جو پہلے یہودی تھے اسلام قبول کیا تھا۔

بنی غامد۔ یمن کے باشندے تھے۔

بنی حارث۔ یمن کا نصرانی قبیلہ تھا۔ نجران میں اس کی حکومت تھی۔ اس کے دو سرداروں نے بھی اسلام قبول کیا تھا۔

بنی جعفی۔ یمن کے باشندے تھے۔ ابن سعد۔ ج ۱۔ ص ۷۴

بنی خثعم۔ یہ قبیلہ بھی یمن میں رہتا تھا۔

بنی خولان۔ یہ قبیلہ ساحل یمن پر آباد تھا۔ ابن سعد۔ ص ۷۴

بنی مراد۔ یہ قبیلہ بھی ساحل یمن پر آباد تھا۔ ابن سعد۔ ص ۷۶

بنی صدف۔ ان کی رہائش اور حکومت حضر موت میں تھی۔

بنی تجیب۔ یمن کے باشندے تھے۔ ابن سعد۔ ص ۷۳

جیفر بن جلندی عمان کا بادشاہ تھا۔ وایل بن حجر ساحل یمن کا۔

اشعث بن قیس حضر موت کا۔ ان تینوں سرداروں نے اپنے قبائل اور رعایا کے ساتھ اسلام قبول کیا تھا۔
(ابن ہشام ص ۹۵۴ - ۹۷۱)

ایک عجمی جہاز ران بزرگ بن شہریار نے جو خلیج فارس کے شہر ہرموز کا باشندہ تھا چوتھی صدی میں سنہ ۴[illegible]ھ (۱۰۱۳ء) سے پہلے ایک کتاب اپنے بحری سفروں کے حالات میں لکھی ہے جس کا نام عجائب الہند ہے۔ اس میں جزیرۂ سرندیپ کے حالات بیان کرتے ہوئے لکھا ہے:

اہل سرندیپ کا ظہور اسلام سے واقف ہونا اور دریافت احوال کے لئے عرب میں قاصد کو بھیجنا

سرندیپ اور اس کے اطراف میں وہاں کے لوگوں کو جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کا حال معلوم ہوا تو انھوں نے ایک سمجھدار آدمی کو عرب کی جانب روانہ کیا تاکہ آنحضرت صلعم کی خدمت میں حاضر ہو کر آپ کے اور آپ کی دعوت کے حالات دریافت کرے۔

یہ آدمی عرب میں اس وقت پہونچا جب کہ حضرت عمر بن خطاب (۱۳ھ/۶۳۴ء - ۲۳ھ/۶۴۴ء) مسند خلافت پر متمکن تھے۔ آپ سے جناب رسالت مآب صلعم کے حالات دریافت کئے۔ اس کے بعد سرندیپ کی جانب واپس ہوا لیکن راستہ میں بمقام مکران اس کا انتقال ہو گیا۔ اس کے ساتھ ایک ہندوستانی غلام تھا وہ سرندیپ کو واپس آیا اور وہ تمام واقعات جو اس نے دیکھے اور سنے تھے بیان کئے۔ جناب پیغمبر علیہ السلام اور حضرت ابوبکرؓ کے حالات سے بھی واقف کرایا۔ حضرت عمرؓ کی ملاقات کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ وہ نہایت متواضع بزرگ ہیں۔ پیوند لگے ہوئے کپڑے پہنتے ہیں اور مساجد میں سوتے ہیں۔[1]

سرندیپ میں مسلمانوں کا آباد ہونا

تیسری صدی کے مشہور مورخ احمد البلاذری (۲۷۹ھ/۸۹۲ء) نے فتوحات سند کے سلسلہ بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ جزیرۂ سرندیپ میں عرب کے بحری تجار کی ہمیشہ آمد و رفت رہتی تھی اور مسلمان تاجر اپنی اہل و عیال کے ساتھ وہاں جا کر سکونت پذیر ہو گئے تھے۔ ان سوداگروں میں سے بعض کا انتقال ہو گیا اور ان کے اہل و عیال سرندیپ میں بے یار و مددگار رہ گئے تو وہاں کے راجہ نے انھیں ایک جہاز میں سوار کرا کر بہت سے تحفے ہدیے کے ساتھ کوفہ کی جانب حجاج بن یوسف ثقفی کے یہاں روانہ کیا۔ یہ جہاز جب سندھ دیبل کے قریب پہونچا تو اس علاقہ کے بحری قزاقوں نے اسے لوٹ لیا

[1] عجائب الہند ص [illegible]

اور جب یہ خبر حجاج کو معلوم ہوئی تو اُس نے بدلہ لینے کی غرض سے سندھ پر یورش کی[1]

یہ واقعہ ولید بن عبد الملک (۸۶ھ/۷۰۵ء ۹۶ھ/۷۱۵ء) کے عہد کا ہے اور اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ پہلی صدی کے آغاز ہی میں اہلِ سرندیپ اسلام سے واقف ہو گئے تھے اور وہاں عرب کے مسلمان تاجروں نے اپنی نو آبادی بھی قائم کر لی تھی۔ قریب قریب اسی زمانہ میں یا اس کے کچھ عرصہ بعد مسلمانوں کی ایک جماعت نے عرب سے آکر ملیبار کی بود و باش اختیار کی ہے۔

ملیبار میں فقرائے عرب کا آنا

تحفۃ المجاہدین میں لکھا ہے کہ عرب و عجم کے چند فقرا ساحلِ عرب سے جہاز پر سوار ہو کر حضرت آدم علیہ السلام کے قدم گاہ کی زیارت کے لئے سرندیپ کی جانب روانہ ہوئے۔ ان کا جہاز سوءِ اتفاق یا بادِ مخالف کے باعث ساحلِ ملیبار پر پہنچ گیا اور کدنکلور میں لنگر انداز ہوا اس شہر کے راجہ نے جو سامری کہلاتا تھا۔ ان فقیروں سے ملاقات کی اور ان کے مذہب و ملت کی نسبت دریافت کیا۔ فقرا نے بتایا کہ ہم لوگ مذہب اسلام کے پابند ہیں۔ اس پر راجہ نے کہا کہ میں نے یہودی اور نصرانی سیاحوں سے سنا ہے کہ عرب و ایران میں اس مذہب نے خوب رواج پایا ہے لیکن مجھے ابھی تک کسی مسلمان سے ملنے کا اتفاق نہیں ہوا تھا اگر تم اپنے پیغمبر کے حالات بیان کرو تو زیادہ بہتر ہے۔

ملیبار کے راجہ کا اسلام قبول کرنا

ان فقرا میں ایک ذی علم اور صاحبِ فہم آدمی تھا۔ اس نے نبی اکرمؐ کے حالات اور معجزات اس طرح بیان کئے کہ راجہ نے متاثر ہو کر اسلام قبول کر لیا لیکن اپنی قوم سے یہ راز اسلام کا مخفی رکھا اور فقرا کو بھی منع کر دیا کہ اس واقعہ کو کسی پر ظاہر نہ کریں۔ اس کے بعد فقرا سرندیپ کو چلے گئے اور کچھ عرصہ کے بعد وہاں سے واپس ہوئے تو راجہ نے ان کے ساتھ مکہ اور مدینہ کے سفر کا ارادہ کیا اور اپنے اعیان و امرا کو جمع کر کے ریاست کے کاروبار ان کے تفویض کر دیئے اور خود گوشہ نشین ہونے کا عذر کر کے خفیہ طور پر فقیروں کے ساتھ جہاز پر سوار ہو گیا کئی مہینے کی مسافرت کے بعد یہ لوگ جب ساحلِ عرب پر پہنچے

---

[1] فتوح البلدان - ص ۴ و ۴۳۶ - اس واقعہ کو مورخ فرشتہ نے بھی بیان کیا ہے۔ دیکھو تاریخ فرشتہ ج ۲

[illegible] گرفتار ہوگیا۔ لیکن انتقال کرنے سے پہلے اس نے اپنے رفیقوں کو وصیت [illegible] دین اسلام کی اشاعت کریں۔

ملیبار میں عربوں کا سکونت پذیر ہونا

[illegible] دو سال بعد شرف بن مالک، مالک بن دینار اور اُن کے بھتیجے مالک بن حبیب [illegible] عرب سے ملیبار کی جانب روانہ ہوئے۔ سب سے پہلے کدنگلور میں جہاز سے اُترے [illegible] سکونت کے لئے باغات و زمینیں عطا کیں اور انھوں نے یہاں کی رہائش [illegible] کے لئے ایک مسجد بھی تعمیر کی یہ سب سے پہلی مسجد تھی جو ملیبار میں تعمیر ہوئی [illegible] بن حبیب اپنے بیوی اور بچوں کو لے کر کولم میں وارد ہوئے اور یہاں بھی [illegible] کے بعد باکنور، منگلور، کنجر کوٹ، ہیلی ماراوی، جرفتن درفتن، فندرینہ [illegible] سفر کیا اور ہر جگہ ایک ایک مسجد تعمیر کی۔ اس کے بعد کدنگلور میں آکر اپنے [illegible] بن دینار کے ساتھ تمام مساجد کا معائنہ کیا۔ پھر کولم میں آکر بیوی بچوں سے ملاقات کی [illegible] چھوڑ کر مالک بن دینار اور مالک بن حبیب نے عرب کی جانب سفر اختیار کیا۔ [illegible] قدم کی زیارت کی پھر مالک بن دینار خراسان کی جانب روانہ ہوئے۔ مالک [illegible] والپس آکر اپنے بیوی کے ساتھ کدنگلور میں سکونت اختیار کی اور [illegible] کی حفاظت کے لئے دیگر مقامات پر چھوڑ دیا۔ غرض کہ ان عربوں نے [illegible] نوآبادی کی بنیاد ڈالی اور دینِ اسلام کو رواج دیا۔

[illegible] عہد کو معین کرنے میں مورخین نے اختلاف کیا ہے۔ مورخ فرشتہ کی [illegible] عہد رسالت میں اسلام قبول کرنے کے بعد عرب کا سفر کیا۔ اور اسی زمانہ [illegible] ملیبار کی سکونت اختیار کی[1]۔ لیکن شیخ زین الدین نے تحفۃ المجاہدین [illegible] کا کوئی ثبوت نہیں ہے بلکہ ان کی رائے میں ہجرت کے دو سو سال بعد یہ اتفاقات [illegible]۔

[1] [illegible] - ج ۲ - ص ۳۷۰ - اُردو ترجمہ جلد دوم - ص ۴۹۱

شیخ زین الدین نے راجہ کا نام نہیں بتایا ہے لیکن انڈیا آفس کے کتب خانہ میں عربی زبان کے دو منظوم رسالے ہیں[1]۔ جن میں راجہ کے اسلام قبول کرنے اور ملیبار میں آکر مسلمانوں کے آباد ہونے کی سرگزشت مذکور ہے۔ ان میں سے ایک میں راجہ کا نام شکرودتی فرماض اور دوسرے میں شکرودتی فرمال لکھا ہے۔ شکرودتی چکراوتی کی عربی صورت ہے اور اس کے معنی ہیں 'راجہ' یا 'مہاراجہ' اور اس کو ٹامل بولنے والے ایک عام لقب کی حیثیت سے حکمرانوں کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

اسلام قبول کرنے والے راجہ کا نام

مستشرقین نے جدید تحقیقات کی بنا پر راجہ کا نام چیرومن پیرومال بیان کیا ہے۔ چیرومن کے معنی ہیں 'چیرا خاندان کا راجہ' فرماض اور فرمال پیرومال کے بگڑے ہوئے عربی تلفظ ہیں۔

بعض ٹامل روایات سے ظاہر ہوتا ہے کہ ویدوں کا مشہور مفسر اور وشنو مذہب کا ہادی شنکراچاری اسی چیرومن پیرومال کے عہد میں گزرا ہے۔ ڈاکٹر برنل Burnell کی تحقیق کے مطابق شنکراچاری کی ولادت ۶۵۰ء میں ہوئی ہے[2]۔ جو ۳۰ھ کے مساوی ہے۔ زمانۂ حال میں یہ طے ہوا ہے کہ اس کا سال ولادت ۷۸۸ء ہے جو ۱۶۲ھ سے مطابقت رکھتا ہے[3]۔ اگر ڈاکٹر برنل کی تحقیق صحیح مان لی جائے تو چیرومن پیرومال جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کا معاصر ثابت ہوتا ہے۔ اگر جدید تحقیقات پر وثوق کیا جائے تو اس کا زمانہ دوسری صدی کا اخیر زمانہ قرار پاتا ہے۔

راجہ کا زمانہ

امپیریل گزیٹیر کے ایڈیٹروں کی تحقیق کے مطابق چیرومن پیرومال ۲۵ اگست ۸۲۵ء ۲۱۰ھ

---

[1] Otto-Loth. Arabic Mss. No 714. 920

[2] Burnell's South Indian Palaeography pp. 33.

[3] Journal Royal Asiatic Society. 1912. pp. 527.

[illegible] سے روانہ ہوا ۲۲۲ھ میں ساحلِ عرب پر پہونچا اور اس کے چار سال
[illegible] منتقل ہوا - اس بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ تیسری صدی کے اوائل
[illegible] اس کے رفقا دو سال کے بعد ۲۲۴ھ کے حدود میں ملیبار میں وارد
ہوئے ہیں -

ملیبار میں مالک بن دینار اور مالک بن حبیب کے بنائے ہوئے مساجد

[illegible] دینار اور مالک بن حبیب نے ساحل ملیبار پر جو مساجد تعمیر کئے تھے ان کے
[illegible] ذیل میں درج ہیں :

- **کدنگلور** - موجودہ زمانہ میں اس کو کرنگا نور کہتے ہیں - کوچین کے قریب ملیبار کے جنوب میں ساحلِ بحر پر واقع ہے نہایت قدیم مقام ہے - بطلیموس نے مزرس کے نام سے اس کا ذکر کیا ہے - رومی اور عربی تجار پہلے زمانہ میں اسی شہر میں آیا کرتے تھے
- **کولم** - اس کا ذکر رشید الدین ابو الفدا اور ابن بطوطہ نے بھی کیا ہے - سرحد ملیبار کا آخری شہر ہے - سلیمان تاجر اور ابوزید سیرافی کے زمانہ میں اس کو کولم ملی کہا کرتے تھے
- **ہیلی ماروی** - ابو الفدا نے اس کو راس ہیلی لکھا ہے - رشید الدین نے منجرور اور فندرینہ کے بیچ میں اس کا ذکر کیا ہے
- **جرفتن** - ابن بطوطہ نے اس کا ذکر کیا ہے - ہیلی سے اس کی مسافت تین فرسخ تھی گزیٹیر میں لکھا ہے کہ صنداپور کے قریب آباد تھا -
- **دہ فتن** - ابن بطوطہ نے اس کا ذکر کیا ہے - گزیٹیر میں لکھا ہے کہ یہ مقام تیلی چری کے قریب آباد تھا
- **فندرینا** - اس کا ذکر ابو الفدا اور رشید الدین نے کیا ہے - ساحل بحر کی بستی ہے موجودہ زمانہ میں اس کو پنڈرانی کہتے ہیں اور یہ کالی کوٹ سے جانب شمال سولہ میل کے فاصلہ پر آباد ہے
- **شالیات** - ابو الفدا اور رشید الدین نے شالیات کے نام سے اس کا ذکر کیا ہے

Imperial Gazetteer. Vol. XVII. pp. 56.

ابوالفدا کے زمانہ میں یہاں یہودی قبائل آباد تھے۔ کالی کوٹ کے جنوب میں بیپور کے قریب ساحلِ بحر پر آباد ہے۔ موجودہ عہد میں اس کو چالیام کہتے ہیں

(۸) **فاکنور** ۔ یاقوت حموی اور عبدالرزاق سمرقندی نے اس کا ذکر کیا ہے۔ ساحلِ بحر کی بستی ہے۔ موجودہ زمانہ میں اس کو باکنور اور برکور کہتے ہیں

(۹) **منجرور** ۔ اس کا ذکر یاقوت، ابوالفدا اور دوسرے عرب جغرافیہ نویسوں نے بھی کیا ہے۔ ملیبار کا مشہور شہر ہے۔ شمالی حصے میں ساحلِ بحر پر آباد ہے۔ موجودہ زمانہ میں اس کو منگلور کہتے ہیں

---

(۶)

ملیبار کے ملوک الطوائف اور کالی کوٹ کا سامری

راجہ چیرومن پیرومال کا اسلامی نام اور تاریخ وفات — تحفۃ المجاہدین سے معلوم ہوتا ہے کہ چیرومن پیرومال کی قبر حضرموت کے ساحل پر شہر ظفار میں موجود ہے۔ لوگ عام طور پر اس کی زیارت کرتے اور سامری کی قبر بیان کرتے ہیں۔ مسلمانانِ ملیبار میں مشہور ہے کہ اس قبر پر عبدالرحمٰن السامری نام کندہ ہے اور اس کے نیچے ورود کی تاریخ سنہ ۲۱۲ھ / ۸۲۷ء اور انتقال کی سنہ ۲۱۶ھ / ۸۳۱ء لکھی ہوئی ہے۔

ملیبار کے ملوک الطوائف — چیرومن پیرومال پر چیرا خاندان کا خاتمہ ہوگیا اور ملک کے مختلف علاقوں پر مختلف سردار حکمراں ہو گئے۔ ان کی چھوٹی چھوٹی حکومتیں صدیوں تک قائم تھیں۔ سنہ ۹۰۳ھ / ۱۴۹۷ء میں واسکوڈی گاما نے ساحلِ ملیبار پر قدم رکھا تو اس وقت بھی ملک میں ہر طرف طوائف الملوکی کا بازار گرم تھا۔ کوچین، کولتھری، ہیلی ماراوی، تیرفتن، دہفتن، کنّور، ارکاد اور کالی کوٹ ان کے مرکزِ حکومت تھے۔ ان میں ہمیشہ لڑائی جھگڑے رہا کرتے تھے لیکن اس کے باعث حدود اور عملداری میں

[illegible]

[illegible] سب سے زیادہ قوی اور صاحبِ شوکت و ثروت کالی کوٹ کا سامری تھا
[illegible] پر غلبہ حاصل تھا۔ ۱۶۶۷ء میں موسیو تھیونو Thevenot نے
[illegible] اس وقت ملیبار کے دیگر حکمراں اسے شہنشاہ سمجھا کرتے تھے[1]
[illegible] کے نصف آخر تک قائم تھی

کالی کوٹ کا سامری خاندان اور اس کی شوکت و ثروت

[illegible] نائروں اور مسلمانوں کے مابین ملیبار میں لڑائی ہوئی۔ نائروں نے
[illegible] بلکہ ان کے گھروں میں بھی آگ لگادی۔ ٹیپو سلطان کے والد نواب
[illegible] کا حال معلوم ہوا تو بیس ہزار سپاہی لے کر منگلور سے نکلا۔ کنانور میں
[illegible] ہوگئے۔ حیدر علی نے یہاں سے کالی کوٹ کی جانب کوچ کیا۔ سامری نے
[illegible] بغیر شہر حوالہ کردیا۔ برہمنوں نے سرزنش کی تو اس نے پشیمانی سے
[illegible] اس طرح سامری کی حکومت ختم ہوگئی۔ نائروں نے اس کے بعد

سامری خاندان کا انقراض

[illegible] کے ساتھ پونانی میں ایک سخت مقابلہ کیا لیکن انھیں ہزیمت اٹھانی پڑی
[illegible] جنگلوں میں منتشر ہوگئے۔ ملیبار کا تمام ملک حیدر علی کے قبضہ میں آگیا[2] جس پر
[illegible] فرزند ٹیپو سلطان نے تقریباً ستائیس سال استقلال کے ساتھ
[illegible] کے بعد ۱۲۰۶ھ / ۱۷۹۲ء تک بارہ محال، پالم، ڈنڈیگل، کوئمبتور، کنڑا اور ملیبار
[illegible] انگریزوں کے قبضے میں آگئے[3]

ملیبار پر نواب حیدر علی خاں اور ٹیپو سلطان کا قبضہ

---

[1] سیرت [illegible] ص ۶۳

[2] نشان حیدری۔ ص ۱۵۰

[3] نشان حیدری۔ ص ۳۰

(۷)

ملیبار کی اسلامی آبادیاں

مالک بن حبیب اور ان کی آل اولاد نے ملیبار میں سکونت اختیار کی تو اس کی وجہ سے اس ملک میں مسلمانوں کی نو آبادی قائم ہوگئی۔ اس کے بعد عرب و عراق کے مسلمان تجار آنے جانے اور یہاں کی بود و باش اختیار کرنے لگے۔ رفتہ رفتہ مقامی باشندوں نے بھی تبلیغ و تلقین کے اثر سے مذہب اسلام قبول کرنا شروع کیا۔ ان اسباب کے باعث ملیبار کی اسلامی آبادی روز بروز ترقی کرتی گئی۔ یہاں تک کہ ساتویں صدی میں جب کہ ابن بطوطہ نے اس ملک کی سیاحت کی ہے تو ملیبار کا تمام ملک گوا سے کولم تک مسلمانوں سے آباد و معمور ہوگیا تھا۔

ملیبار میں مسلمانوں کی کثرت

واسکوڈی گاما Vasco De Gama نے جب ملیبار میں قدم رکھا ہے تو اس وقت حسب ذیل مقامات مسلمانوں کی کثرت آبادی سے معمور تھے:

ملیبار کی اسلامی بستیاں

کدن کلور، کولم، ہیلی مارادی، جرفتن، دہ فتن، فندرینا، چالیات، فاکنور، منجرور، کاسرکوٹ۔

شالیات کے اطراف میں۔ کالیکوٹ، ولن کوٹ، ترورنگاد، تانور، فنان، پدرونگاد، پردنور

درفتن کے حوالی میں۔ اریکاد، تریونگاد، نیلی، کننور، چمپا۔

درفتن کے جنوب میں۔ بدفتن، نادورم

بدفتن کے جنوب میں۔ کدنگلور کے آس پاس، کوشی، پت، ویلی ورم



ساحل ملیبار
گوا
دہاروار
کرور
ہنور
سیموگا
سنداپور
فاکنور
منجرور
(منگلور)
کاسرکوٹ
ہیلی
میسور
کنور
دہ فتن
ماہی
پنچری
کالیکٹ
قندرینا
شالیات
فنان
کدنکلور
کوشن
کرلم
فاکنور
منجرور
کنور
قندرینا
شالیات
فنان
کدنکلور
کوشن
برکور
منگلور
کنانور
پنڈرانی
چالیام
پونانی
کرنگانور
کوچین

مسلمانوں کی اقتصادی حالت

[illegible] الدین معبری نے لکھا ہے کہ ملیبار میں مسلمانوں کا کوئی بادشاہ نہیں ہے۔ ان پر [illegible] حکومت کرتے ہیں اور انہیں کے پاس مسلمانوں کے باہمی نزاعات اور [illegible] فیصلہ ہوا کرتا ہے

[illegible] مسلمانوں نے کثرت سے مواضعات آباد کئے ہیں اور ان میں عمارات و مساجد [illegible] اطمینان و مسرت کے ساتھ زندگی بسر کرتے ہیں۔ جمعہ اور عیدین کی [illegible] ادا ہوتی ہیں۔ ان مواضعات میں حکومت کی طرف سے قضاۃ اور [illegible] انہیں سرکاری خزانہ سے تنخواہ ملتی ہے۔ احکام شرعی کا باقاعدہ نفاذ ہے [illegible] تعطیل ہوتی ہے۔ مسلمان زراعت اور تجارت دونوں کرتے ہیں۔ زراعت [illegible] محصول نہیں لیتی ہے۔ تجار کو اپنے منافع سے دسواں حصہ بطور [illegible] ہیں کے ہنود مسلمانوں کے ساتھ عزت و احترام سے پیش آتے ہیں [illegible] قبول کر لیتا ہے تو اس کا بھی مسلمانوں کے مانند احترام کرتے ہیں [illegible] کو قبول اسلام کی طرف طبعاً راغب کر دیا ہے[1]

ملیبار کے ہنود میں رسم و رواج کے قیود اور ان میں اشاعت اسلام کے اسباب

[illegible] کی تصریحات سے معلوم ہوتا ہے کہ ملیبار کے ہنود میں رسم و رواج کے [illegible] مدت سے قائم تھیں۔ ان کا بیان ہے کہ اگر اعلیٰ ذات کا کوئی [illegible] سے چھو جاتا یا حد مقررہ سے قریب ہو جاتا تو غسل کئے بغیر [illegible] اگر بغیر غسل کے کھا لیتا ہے تو اپنی ذات سے باہر ہو جاتا ہے۔ [illegible] اعلیٰ ذات والوں کے لئے کھانا منع ہے۔ اگر اعلیٰ ذات کا [illegible] عورت سے شادی کرتا ہے یا کسی اعلیٰ ذات کی عورت کے ساتھ کسی ادنیٰ [illegible] شادی ہو جاتی ہے تو اعلیٰ ذات والا اپنی ذات سے خارج ہو جاتا ہے[2]

[illegible]

[illegible]

تھیونو Thevenot سیاح نے بھی اصلی اور ادنیٰ طبقوں کے رواجی قیود کی نسبت ایسی ہی باتیں بیان کی ہیں۔ اس نے لکھا ہے کہ ملیبار میں دو قومیں آباد ہیں۔ ایک نائر دوسرے پولئے۔ اگر کوئی نائر کسی پولیا کے اس قدر قریب ہو جائے کہ اس کی سانس اس تک پہونچ سکے تو نائر سمجھتا ہے کہ وہ ناپاک ہو گیا اور مجبوراً اس پولئے کو قتل کر دیتا ہے۔ اس لئے کہ اگر اسے قتل نہ کرے اور راجہ کو معلوم ہو جائے تو راجہ نائر کو مروا دیتا ہے۔ جب کبھی پولئے گھروں سے باہر کھیتوں میں نکلتے ہیں تو اس اتفاق سے بچنے کے لئے متواتر "پو پو" پکارتے ہیں تاکہ نائر موجود ہوں تو ہٹ جائیں اور جب نائر اس آواز کو سن لیتا ہے تو چلا کر "کو کو" کہہ دیتا ہے۔ اس سے پولیا سمجھ لیتا ہے کہ یہاں کوئی نائر موجود ہے اور وہ راستہ چھوڑ کر دور ہو جاتا ہے تاکہ نائر سے اس کا سامنا نہ ہو جائے [1]

رسم و رواج کے خلاف نائر جب کسی فعل کے مرتکب ہوئے تو اس بدنامی سے بچنے کے لئے یا تو وطن چھوڑ کر ایسی جگہ چلے جاتے ہیں جہاں ان سے کوئی واقف نہیں ہے۔ یا اسلام قبول کر لیتے ہیں۔ پولیوں کے لئے بھی اس ذلت سے بچنے کا طریقہ صرف قبول اسلام ہے۔ یہ لوگ جب اسلام قبول کر لیتے ہیں تو انھیں مساوات کا درجہ حاصل ہو جاتا ہے اور وہ دیگر مسلمانوں کے مانند عزت و حرمت کی نظروں سے دیکھے جاتے ہیں۔ یہ ہی سب سے بڑے اسباب ہیں جن کے باعث ملیبار میں اسلام کی اشاعت ہوئی ہے۔

ساحل معبر پر اسلامی آبادی

مسلمانوں کی آبادی سواحل ہند پر ملیبار ہی سے مخصوص نہیں تھی بلکہ اس کے آس پاس جو ممالک واقع ہیں ان میں بھی مسلمان ایسی ہی کثرت کے ساتھ آباد تھے۔

ملیبار کے جنوب مشرق میں معبر کا ملک ہے۔ عرب اور ایران کے جہاز زناج اور چین کو جاتے آتے راستہ میں ملیبار سے گزر کر معبر کے بنادر میں بھی لنگر انداز ہوا کرتے تھے اور یہاں بھی ہجرت کی ابتدائی صدیوں میں عرب و ایران کے ساحلی باشندوں

---

[1] سیاحت موسیو تھیونو۔ ص ۶۶ - ۶۷

[illegible] تھا۔ معبر کے جنوبی علاقہ میں جو ملیبار سے بالکل ملا ہوا ہے۔ نہایت [illegible] پانڈیا خاندان کی حکومت تھی۔ اشوک کے کتبوں اور بطلیموس کے جغرافیہ میں [illegible] خاندان کا تذکرہ آیا ہے اور اس سے اس کی قدامت ظاہر ہوتی ہے۔

معبر کا پانڈیا خاندان

[illegible] جب اس ملک میں آیا ہے تو یہاں کا راجہ سندر پانڈیا تھا [illegible] تجارت اور مال و دولت کی فراوانی تھی جہاں نورد سیاح نے بیان کیا [illegible] اور سرندیپ کے درمیان سمندر حائل ہے جسے خلیج کہتے ہیں۔ اس میں نایاب [illegible] کے لئے اپریل سے مئی تک اطراف عالم سے موتی نکالنے والے [illegible] ہیں۔ اس ملک میں گھوڑے پیدا نہیں ہوتے اس لئے ملک کی دولت کا [illegible] کی خریداری میں صرف ہوجاتا ہے۔ ہرمز، سوہار اور عدن کے سوداگر معبر [illegible] ہیں۔ ہر سال دو ہزار گھوڑوں کی تجارت ہوتی ہے اور ہر ایک گھوڑا [illegible] فروخت ہوتا ہے۔ کایل معبر کا ایک عالی شان بندرگاہ ہے۔ یہاں عدن و عرب کے [illegible] اور تجارت خوب ہوتی ہے۔[1]

معبر میں عربوں کی تجارت

[illegible] الدین کا بیان ہے کہ راجہ سندر پانڈیا کا وزیر اور مشیر ایک مسلمان تھا [illegible] الدین عبدالرحمن ہے۔ راجہ نے کایل، فتن اور ملی فتن کے بندر اسے [illegible] تھے۔

راجگان پانڈیا کے مسلمان وزیر

[illegible] الدین کا تذکرہ اور معبر کی پانڈیا حکومت کے حالات مورخ عبداللہ وصاف [illegible] کے ساتھ تحریر کئے ہیں۔ یہ تاریخ ۷۲۸ھ (۱۳۲۷ء) میں تصنیف ہوئی ہے [illegible] وتزجیۃ الاعصار ہے۔ لیکن عام طور پر تاریخ وصاف کہلاتی ہے [illegible] کا اقتباس یہ ہے۔[2]

مورخ عبداللہ وصاف کا بیان

---

[1] Marco Polo. Book. III Chap XVI. pp. [illegible]

[2] [illegible] ص ۳۰۰ – ۳۰۲ – ۳۰۳ – ۵۳۰ – ۵۳۱ – ۵۰۵

معبر کولم سے نیلور تک پھیلا ہوا ہے۔ اس کی مسافت تین سو فرسخ کے قریب ہے

معبر کلید ہندوستان ہے

یہاں کا راجہ دیور کہلاتا ہے جس کے معنی ہیں "خداوند دولت" یہاں کی تجارت اقصائے عالم میں پھیلی ہوئی ہے۔ چین و ماچین، ہندوسندھ کے جہاز یہاں آیا کرتے ہیں اور ان پر عراق و خراسان اور روم و فرنگ تک یہاں سے تجارتی مال واسباب جایا کرتا ہے اور اسی وجہ سے یہ ملک "کلید ہندوستان" کی حیثیت رکھتا ہے۔

مرزبان ہندی وزیر تقی الدین طیبی

یہاں کا راجہ سندر پانڈیا تھا جس کے تین بھائی تھے اور وہ بھی ملک کے مختلف اقطاع میں حکومت کیا کرتے تھے تقی الدین اس کا وزیر باتدبیر تھا۔ راجہ نے تجارت کے تمام کاروبار اس سے وابستہ کر دیئے تھے فتن، ملی فتن اور قائل میں اس کی حکومت تھی

تقی الدین کے والد محمد طیبی کا وطن مدینہ منورہ تھا۔ جہاں سے آکر اس نے فارس میں سکونت اختیار کر لی۔ بحری تجارت کو اپنا پیشہ قرار دیا۔ اور بحر فارس کے جزیرۂ قیس کو

ملک الاسلام امیر جمال الدین طیبی

اپنی تجارت کا مرکز بنایا۔ تقی الدین کا بڑا بھائی جمال الدین اس جزیرہ میں رہا کرتا تھا یہاں سے اس کے تجارتی جہاز اطراف عالم میں جایا کرتے تھے۔

جمال الدین جزائر فارس، قطیف، لحسا بحرین اور ہرموز وغیرہ سے گھوڑے فراہم کر کے معبر کی جانب روانہ کیا کرتا تھا اور اس وقت ایک گھوڑے کی قیمت دو سو دینار سرخ ہوا کرتی تھی۔ اتابک ابوبکر بن سعد زنگی (۶۲۳ھ / ۱۲۲۶ء - ۶۵۸ھ / ۱۲۶۰ء) کے عہد میں ہر سال دس ہزار گھوڑے معبر میں آیا کرتے اور ان کی فروخت سے کم و بیش بیس لاکھ ملا کرتے تھے۔

عرب و عراق کے مسلمانوں نے جمال الدین کو ملک الاسلام کا لقب دیا تھا تقی الدین کو ملک اعظم اور مرزبان ہندی کے لقب سے یاد کیا کرتے تھے۔

جب سندر پانڈیا کا انتقال ہو گیا تو اس کا بھائی کلس دیو یہاں مالک تاج قرار پایا۔ اس نے حسب سابق تقی الدین کو منصب وزارت پر بحال رکھا۔ ۷۰۲ھ

وزیر سراج الدین طیبی

[illegible] منتقل ہوگیا۔ راجہ نے اس کے مال و منال کو ضبط کرنا چاہا۔ لیکن جمال الدین کے [illegible] سراج الدین نے دو لاکھ اشرفیاں راجہ کے نذر کیں اور اس نے راضی ہو کر سراج الدین کو [illegible] وزیر بنایا۔

پانڈیا شہزادوں کی خانہ جنگی اور سلطان علاء الدین خلجی کے لشکر کا معبر کو فتح کرنا

[illegible] کے دو فرزند تھے۔ سندر پانڈیا اور ویرا پانڈیا۔ پہلے کی ماں منکوحہ زوجہ [illegible] کی غیر منکوحہ۔ کلس دیو نے ویرا پانڈیا کو اپنا جانشین مقرر کیا تو سندر پانڈیا [illegible] خوش ہو کر ۷۰۹ھ (۱۳۰۹ء) میں اپنے باپ کلس دیو کو مار ڈالا۔ اور بغیر کسی لڑائی کے تخت پر قبضہ کر کے وہاں سے خزانہ حاصل کرنے کے بعد جانب منکور چلا گیا۔ ویرا پانڈیا نے [illegible] تب کیا۔ دونوں بھائیوں میں سخت لڑائی ہوئی۔ سندر پانڈیا نے شکست پائی۔ [illegible] سے فرار ہو کر سلطان علاء الدین خلجی کے لشکر میں پناہ گیر ہوا۔ ملک کافور اس وقت [illegible] برسر پیکار تھا۔ جب یہ مقام فتح ہوگیا تو سندر کی تحریک سے ملک کافور نے [illegible] حملہ کیا۔ ۱۷ ذی القعدہ ۷۱۰ھ (۱۳۱۰ء) کو شہر پر قابض ہو کر ویرا پانڈیا کو بے دخل کر دیا [illegible] پانڈیا کو تخت نشین کر کے خود جنوب میں رامیشورم تک چلا گیا اور وہاں بطور یادگار کے

رامیشورم کی مسجد علائی

[illegible] جو شہنشاہ جہانگیر (۱۰۱۴ھ - ۱۶۰۵ء) ۱۰۳۷ھ (۱۶۲۸ء) کے عہد تک موجود تھی

---

(۸)

خاندان علی راجا

کنانور

[illegible] ملیبار کے شمالی علاقہ میں ایک شہر کنانور آباد ہے۔ اس کو پہلے زمانہ میں کنور کہا کرتے [illegible] و یونان کے سیاحوں نے اسی نام سے اس کا ذکر کیا ہے۔ چھٹی صدی ہجری تک اس کی [illegible] قصبہ کی تھی۔ لیکن مسلمان تاجروں کی آمد و رفت کے بعد اس کو ترقی ہونے لگی

اور بتدریج عرب و ایران کی تجارت کا مرکز بن گیا۔

خاندان علی راجا کی بنیاد

کنانور راجگان کولتھری کی عملداری میں شامل تھا۔ یہ راجہ سامری کے خراج گزار تھے اور انھوں نے اس مقام کو اپنا مستقر بنا لیا تھا۔ ان راجاؤں کے ایک وزیر نے جو قوم کا نائر تھا ساتویں صدی کے اوائل میں اسلام قبول کر لیا اور اس کی وجہ سے کنانور میں ایک نومسلم خاندان کی بنیاد قائم ہوئی جو تاریخ میں خاندان علی راجا کے نام سے مشہور ہے۔ یہ خاندان تھوڑے

خاندان علی راجا کی بحری قوت

ہی عرصہ میں کنانور کے ماپلا مسلمانوں کا سردار بن گیا۔ اس زمانہ میں ماپلا مسلمانوں کی بحری قوت مشہور تھی۔ ان کے تجارتی کاروبار بلادِ عرب سے سواحلِ چین تک پھیلے ہوئے تھے اور اس کی وجہ سے ان کی دولت و ثروت میں خوب ترقی ہو گئی تھی۔ علی راجا کے خاندان کو جب ان کی سیادت حاصل ہو گئی تو خالق نے اسے "سلطان البحر" King of Sea کے لقب سے موسوم کر دیا[1]

جزائر ملیبار پر علی راجہ کا قبضہ

علی راجہ کا خاندان اگرچہ حاکم نہیں تھا لیکن بحری قوت کے باعث اس کا اقتدار حاکموں سے بڑھا ہوا تھا۔ اور بیڑے نے ساتویں صدی کے اوائل میں جزائر ملیبار پر قبضہ کر لیا تھا اور یہاں کے باشندے تیرہویں صدی کے آغاز تک اسی خاندان کے مطیع و فرمان بردار تھے

خاندانِ علی راجا کی تاریخ سقیم حالت میں ہے۔ اس لئے یہ بتانا دشوار ہے کہ اس خاندان میں ابتدا سے انقراض تک کس قدر افراد نے سرداری کا مرتبہ حاصل کیا ہے۔ تاہم بعض ذرائع سے چند نام دستیاب ہو گئے ہیں جو ذیل میں درج ہیں:[3]

خاندان علی راجا کے بعض افراد

علی واپن راجہ — یہ ۶۰۱ھ / ۱۲۰۴ء و ۶۰۲ھ / ۱۲۰۵ء میں بقید حیات تھا

علی اواکر (ابوبکر) راجہ

---

[1] Malabar Quarterly Vo. 11. pp. 229.

[2] Malabar Quarterly Vol. 11. pp. 228.

[3] Malabar Quarterly Vol. 11. pp. 215.

علی ۔ ۔ مجید ۔ راجہ

علی ۔ ۔ ون (۔ ۔ ون) راجہ — اس کے زمانہ میں باربوسا نے کنانور کی سیاحت کی تھی۔

علی ۔ ۔ ۔ راجہ — یہ شہنشاہ اکبر کا معاصر تھا اور اس کے زمانہ میں پرتگیزوں نے جزائر ملیبار پر حملہ کیا تھا۔

علی راجا اور پرتگیز

پرتگیزوں نے ملیبار میں آنے کے تین یا چار سال بعد کنانور میں آ کر یہاں کے راجہ سے ۔ تعلقات قائم کئے اور اس کی اجازت سے اس جگہ ایک تجارت گاہ بھی قائم کر لی ۔ ۔ ۔ ۔ ن کو عروج حاصل ہو گیا تو مسلمانانِ ملیبار کی بحری تجارت میں مانع و مزاحم ۔ ۔ ۔ نوبت یہاں تک پہونچی کہ اگر کوئی جہاز ان کی اجازت کے بغیر سامانِ تجارت ۔ ۔ ۔ ملیبار سے روانہ ہوتا تو اسے لوٹ لیا کرتے تھے۔ اسی دوران میں علی راجا کے ۔ ۔ تجارت کے لئے بر العرب کی جانب روانہ ہوئے۔ پرتگیزوں کو جب معلوم ہوا کہ وہ ۔ ۔ اجازت لئے بغیر روانہ ہوئے ہیں تو انھوں نے غضبناک ہو کر ابوبکر علی اور کنج صوفی ۔ ۔ ۔ یہ دونوں علی راجہ کے ماموں اور خسر تھے[1]۔ اس واقعہ کے باعث علی راجا اور پرتگیزوں کے درمیان مخالفت ہو گئی۔ پرتگیزوں نے علی راجا کو پریشان کرنا چاہا اور ۔ ۔ کے لئے جزائرِ ملیبار پر یورش کر دی اور وہاں دو سو سے زیادہ زن و مرد کو ۔ ۔ ن کے مکان اور مساجد جلا دیئے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ علی راجا نے مصالحت کر لی اور پرتگیزوں نے جزائر ملیبار کو چھوڑ دیا[2]۔

علی راجا کا کنانور کے راجہ کا جانشین ہونا

۔ ۔ ۔ کے حدود میں کنانور کے راجہ کی لڑکی علی راجا پر فریفتہ ہو گئی۔ راجہ کو

---

[1] تحفۃ المجاہدین قسم چہارم فصل نہم

[2] تحفۃ المجاہدین قسم چہارم فصل یازدہم

اس کا حال معلوم ہوا تو اس نے اختلاف مذہب کے باوجود لڑکی کی شادی علی راجا کے ساتھ کردی اور جب مرنے لگا تو علی راجا کو اپنا جانشین بنا کر کنانور کی حکومت اس کے حوالہ کردی۔ اس بات سے نائر قوم کے دوسرے سردار برہم ہو گئے اور مسلمانوں کے خلاف کارروائیاں شروع کیں۔ اسی دوران میں حیدر علی خاں اور علی راجا کے مابین تعلقات قائم ہو گئے۔ حیدر علی نے علی راجا کو اپنا امیر البحر بنا لیا اور اسے جدید جہاز بنانے کے زر خطیر عطا فرمایا۔ چند دنوں کے بعد جنگی بیڑہ تیار ہو گیا اور اس پر علی راجا نے حیدر علی کا علم چڑھا کر بحری فتوحات کی ابتدا کی۔ سب سے پہلے جزائر مالدیو پر حملہ کیا اور وہاں کے حاکم کو گرفتار کر کے اس کی آنکھیں نکال دیں۔ تخت گاہ پر قابض ہو کر حیدر علی کا نشان بلند کیا۔ لیکن نواب کو معلوم ہوا کہ علی راجا نے حاکم مالدیو کے ساتھ ظالمانہ برتاؤ کیا ہے تو اسے امیر البحر کی خدمت سے معزول کر دیا۔ نائروں نے اس بات کو مایا مسلمانوں کی تباہی کا پیش خیمہ سمجھا اور ایک دن اتفاق کر کے کنانور میں مسلمانوں کا قتل عام کر دیا۔ اس وقت حیدر علی بنگلور میں مقیم تھا۔ جب اسے مسلمانوں کی اس تباہی کا حال معلوم ہوا تو بیس ہزار سپاہی لے کر کنانور میں آیا۔ علی راجہ نے شہر سے باہر آکر استقبال کیا۔ ندی کے کنارے سخت لڑائی ہوئی۔ نائر شکست پا کر فرار ہو گئے۔ نواب کی فوج فتح یاب ہو کر کنانور میں داخل ہوئی۔ یہ واقعہ ۱۱۸۰ھ ۱۷۶۶ء کا ہے[1]

کنانور پر نواب حیدر علی خاں کا قبضہ

---

[1] نشان حیدری ص ۹۷ - کارنامۂ حیدری - ص ۱۵۱ - حملات حیدری - ص ۱۱۲

(۹)

ماپلا کی تحقیق

ملیبار کے مسلمان عام طور پر "ماپلا" کہلاتے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ لقب مسلمانوں سے مخصوص نہیں ہے بلکہ جنوبی علاقوں میں اکثر عیسائی قبائل پر بھی اس کا اطلاق ہوا کرتا ہے۔ یہ عیسائی زیادہ تر کوچین اور ٹراونکور کی عملداری میں آباد ہیں اور سریانی کلیسیا کی پیروی کرتے ہیں۔ اس کلیسیا کو ظہور اسلام سے تھوڑی مدت پہلے فارس اور عراق میں خوب ترقی ہوئی تھی اور ان ممالک سے بکثرت عیسائی قبائل براہ خلیج فارس ملیبار میں آکر آباد ہوئے تھے۔ ماپلے عیسائی انھیں سریانی عیسائیوں کی اولاد سے ہیں اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ لقب ان لوگوں سے تعلق رکھتا ہے جو عراق و عرب سے آکر یہاں آباد ہوئے تھے۔ ماپلا کے معنی کیا ہیں اور کس زمانہ سے اس کا رواج ہوا ہے۔ ان امور کا صحت کے ساتھ بیان کرنا نہایت دشوار ہے۔

ماپلا مسلمانوں کا مخصوص لقب نہیں ہے

ماپلا عیسائی

ماپلا کے معنی

ڈاکٹر ولسن Wilson نے بیان کیا ہے کہ یہ لفظ "ما" (مادر) اور "پلے" (فرزند) سے مرکب ہے جس کے معنی ہیں "ماں کا بچہ"۔ اس نام سے موسوم ہونے کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ عرب و عجم کے سیاح و تجار جب ملیبار میں آتے تو یہاں کی دیسی عورتوں سے نکاح کر لیتے تھے اور کچھ عرصہ کے بعد واپس چلے جاتے تو عورتوں کو طلاق دیدیا کرتے تھے۔ اس لئے ان عورتوں سے جو اولاد پیدا ہوتی وہ ماں سے منسوب ہو کر "ماپلا" یعنی "ماں کا بچہ" کہلاتی تھی۔

"ماں کا بچہ"

مدراس گلاسری Madras Glossry میں لکھا ہے کہ "ما"، ملیالم زبان کا

"بزرگ کا بچہ"

لفظ ہے جس کا سنسکرت تلفظ 'مہا' ہے اور اس کے معنی ہیں بزرگ و برتر۔ جب مسلمان یہاں آئے تو یہاں کے باشندوں نے اُن کی خوب عزت و توقیر کی اور اُن کی اولاد کو ماپلا کے لقب سے ملقب کیا جس کے معنی ہیں 'بزرگ کا بچہ'۔

"فلاح" کی بگڑی ہوئی شکل "مافلاح"

ڈاکٹر بیجر Badger نے جو عربی زبان کا مشہور لغت نویس ہے اس کو عربی زبان کے لفظ 'فلاح' کی بگڑی ہوئی صورت بیان کیا ہے جس کے معنی ہیں 'کاشت کار' یا 'زراعت پیشہ'۔ ملیبار میں مسلمان عموماً تجارت کیا کرتے اور ان کو زراعت سے سروکار نہیں تھا اس لئے ماپلا (مافلاح) یعنی غیر کاشت کار کے لقب سے موسوم ہوگئے۔

جدید تحقیقات

جدید ترین تحقیقات میں اس لفظ کی اصل 'مارپلا' ثابت ہوئی ہے جس کے معنی ہیں 'منھ بولا فرزند' اور یہ لقب ایسا ہی ہے جیسا کہ شمالی ہند میں 'راجپوت' و 'راوتھار' اور جس کے معنی ہیں 'راجہ کا فرزند'۔

ٹامل علاقہ میں مدارج و مراتب کے القاب

ٹامل بولنے والے قدیم زمانہ سے عز و وقار کے مراتب و مدارج کو ظاہر کرنے کے لئے مختلف فرقوں اور طبقوں کے ساتھ مختلف القاب استعمال کیا کرتے ہیں مثلاً اونی (خرد) مزتات (کلاں)، ننیار (فاضل)، پتپورن (معلّم)، تمبی (خرد سال بھائی)، تنکاچی (خرد سال بہن)۔ ان میں سے آخر کے دو القاب اُن لڑکوں اور لڑکیوں کے لئے استعمال ہوتے ہیں جو راجاؤں کی بہنوں سے تولّد ہوئے ہیں 'ماپلا' بھی اسی نوعیت کا لقب ہے اور اس کے رواج پانے کا پتہ اُس روایت سے چلتا ہے جو ملیبار کے سریانی عیسائیوں میں صدیوں سے مشہور چلی آرہی ہے

ایک عیسائی سوداگر سب سے پہلے ماپلا کے لقب سے ملقب ہوا

روایت یہ ہے کہ ہجرت سے تقریباً سو سال پہلے ایک عیسائی سوداگر جس کا نام تھوما تھا ملیبار میں آیا۔ کرنگانور کے راجہ نے خوب خاطر تواضع کی اور سکونت کے لئے مکان اور عبادت کے لئے کلیسا تعمیر کرنے کی اجازت دی۔ ان مراعات کی نسبت ایک سند بھی عطا ہوئی جس میں راجہ نے سوداگر کو "کو کرنگن کنایو[1]" کے خطاب سے مخاطب کیا جس کے معنی ہیں چیرا راجہ کا

---

[1] ملیالم میں چیرا خاندان کے راجاؤں کو کرنگن کہتے ہیں

سوداگر ... کے ساتھ ماپلا یعنی منھ بولے فرزند کے لقب سے پکار کر اپنے الطافِ شاہانہ کا ... کیا۔

مسلمانوں کا ماپلا کے لقب سے ملقب ہونا

... میں کس زمانہ سے اس لقب کا رواج ہوا ہے۔ اس کا پتا چلانا مشکل ہے۔ لیکن ہم ... کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ نویں صدی ہجری میں ملیبار کے مسلمان اس لقب سے ... پکارے جاتے تھے۔

باربوسا کا بیان

باربوسا Bar Bosa پرتگال کا مشہور سیّاح ہے جو افریقہ کی سیاحت کے بعد ... میں ساحلِ ہندوستان پر وارد ہوا۔ اور یہاں کئی سال مقیم رہنے کے بعد ۹۲۰ھ ۱۵۱۴ء ... اپنے دشتِ سیر و سفر تحریر کئے۔ اس میں کئی مقام پر ملیبار کے مسلمانوں کو مور ماپلا Moors Mapulers کے لقب سے یاد کرتا ہے۔[1]

ابن بطوطہ ۷۴۴ھ ۱۳۴۳ء عبدالرزاق سمرقندی ۸۴۸ھ ۱۴۴۴ء شیخ زین الدین معبری ۹۹۱ھ ۱۵۸۳ء (... مورخ فرشتہ ۱۰۱۵ھ ۱۶۰۶ء) نے ملیبار کے مسلمانوں کا تذکرہ کیا ہے لیکن ان کی تصنیفات میں ... لقب سے مسلمانوں کے ملقب ہونے کا ذکر کہیں نہیں آیا ہے۔ اس سے قیاس ہوتا ہے کہ ... مصنف گیارہویں صدی تک اس لفظ کو استعمال نہیں کرتے تھے۔ گزشتہ صدی سے

فارسی تصنیفات میں ماپلا کا استعمال

... تصنیفات میں یہ لفظ نظر آنے لگا ہے اور سب سے پہلی کتاب جس میں یہ لفظ آیا ہے میر حسین علی ... کی نشانِ حیدری ہے۔[3] جو ۱۱۸۱ھ ۱۷۶۷ء میں ٹیپو سلطان کی فرمائش سے تالیف ہوئی ہے۔

---

[1] Indian Antiquary (1927) 13-14.

[2] Description of the Coasts of East Africa and Malabar pp. 146.

[3] نشانِ حیدری۔ ص ۹۷۔ ترجمہ انگریزی۔ ص ۱۴۸۔ کارنامۂ حیدری۔ ص ۱۴۲

(۱۰)

ملیبار کے سیّاح اور اُن کے سفرنامے

ہجرت کی ابتدائی صدیوں میں کئی مسلمان سیّاحوں نے ساحلِ ملیبار کی سیاحت کی ہے اور یہاں کے حالات اپنے عینی مشاہدات کی بنا پر بیان کئے ہیں۔ ان سیاحوں میں سلیمان تاجر زیادہ قدیم ہے۔ تیسری صدی کے اوائل میں ۲۳۷ھ / ۸۵۱ء سے پہلے براہ سمندر اس نے بلادِ چین کا سفر کیا اور اثنائے راہ میں ساحلِ ملیبار پر بھی اس کا گزر ہوا۔ اس کا بیان ہے کہ مسلمانوں کے جہاز جب خلیجِ فارس اور بحرِ قلزم سے نکل کر سرندیپ اور چین کی جانب روانہ ہوتے ہیں تو راستہ میں ملیبار سے ہو کر گزرتے ہیں۔ اس ملک میں کولم ان کا مرکز ہے۔ آتے جاتے دونوں وقت یہ جہاز اس مقام پر لنگر انداز ہوا کرتے ہیں۔ ولایت بلہرا سے متصل کلکم کا علاقہ ہے۔ اس کے بعد کولم کی سرحد شروع ہوتی ہے۔ اگر موسم اعتدال پر ہوتا ہے تو مسقط سے کولم تک ایک مہینے میں جہاز پہونچ جاتے ہیں اور ایک آدمی کے لئے دس دینار کرایہ ہوتا ہے۔[1]

سلیمان تاجر

مسقط سے کولم تک مسافت اور جہاز کا کرایہ

فارس کے ایک جہاز راں بزرگ بن شہریار ناخدا رام ہرمزی نے بھی ۳۹۰ھ / ۱۰۰۰ء سے پہلے ہندوستان کے سواحل کا سفر کیا ہے۔ اس کے سفرنامے سے پتا چلتا ہے کہ ہر سال موسم کے معتدل ہونے پر عربوں کی بڑی بڑی جماعتیں بحرِ فارس اور بحرِ قلزم سے روانہ ہو کر ملیبار اور ساحل کے دیگر بلاد میں آیا کرتی تھیں۔ اس کا بیان ہے کہ ۳۰۶ھ / ۹۱۸ء میں عربوں کے تین جہاز سیراف سے نکل کر سواحلِ ہند کی جانب روانہ ہوئے۔ ان میں بارہ سو آدمی سوار تھے دورانِ سفر میں شدید طوفان سے سامنا ہوا جس کے باعث تینوں جہاز غرق ہو گئے اس تباہی کا

بزرگ بن شہریار ناخدا

[1] سفرنامہ سلیمان تاجر۔ ص ۱۶ و ۲۸

حال جب سیراف اور صیمور میں معلوم ہوا تو یہاں کے باشندوں نے کئی مہینے تک اس کا ماتم کیا۔[1]

کولم — ناخدا نے دو مختلف مواقع پر کولم کا ذکر کیا ہے۔[2] ایک جگہ بیان کرتا ہے کہ ایک ایرانی جہاز راں مردان شاہ نے اپنی بیوی اور لڑکے مرزبان کو ساتھ لے کر کولم کا بیس مرتبہ سفر کیا تھا۔ دوسرے مقام پر سانپوں کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ کولم میں ایک مسلمان رہتا ہے جس کو وہاں کے باشندے جوگی کہتے ہیں۔ اس کا وقت زیادہ تر عبادت الٰہی میں گزرتا ہے اور جب کوئی آدمی سانپ کا کاٹا ہوا اس کے یہاں آتا ہے تو اس کے دعا پڑھنے سے زہر کی تاثیر فوراً زائل ہو جاتی ہے۔

مارکو پولو — قرون وسطیٰ کے سیاحوں میں سواحل ہند کی سیاحت کے لئے مارکو پولو Marco Polo بھی خاص شہرت رکھتا ہے۔ اس نے ۶۴۸ھ (۱۲۵۰ء) سے ۶۹۰ھ (۱۲۹۱ء) تک تقریباً چالیس سال ایشیا کے سارے ممالک کی سیاحت میں صرف کئے ہیں۔ سلطان غیاث الدین بلبن ۶۶۴ھ (۱۲۶۵ء) لغایت ۶۸۶ھ (۱۲۸۷ء) کے عہد میں چین کی طرف سے ملیبار میں آیا اور یہاں کے شہروں سے کولم، کماری اور ہیلی ماراوی کی سیاحت کی۔ اس کا بیان ہے کہ ان شہروں میں دنیا بھر کے جہاز تجارت کے لئے آیا کرتے ہیں اور یہاں سے فلفل، زنجبیل، ناجیل، فوفل وغیرہ عدن، ظفار اور مصر و عرب کے دوسرے شہروں میں جایا کرتی ہیں۔

ابن بطوطہ — ابن بطوطہ ساتویں صدی کا مشہور سیاح ہے۔ اس نے ہندوستان کی سیاحت کے بعد ۷۴۳ھ سے ۷۴۶ھ (۱۳۴۲ء) تک تقریباً تین سال سواحل ہند پر گزارے ہیں۔ اس دوران میں گوا سے کولم تک ملیبار کا تمام ملک اس نے دیکھا ہے اور یہاں کے حالات اس تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں کہ آج بھی ان پر کسی قسم کا اضافہ مشکل سے ہو سکتا ہے۔

سلطان محمد بن تغلق نے ۷۴۳ھ (۱۳۴۲ء) میں ابن بطوطہ کو سفیر بنا کر جاہ و حشم کے ساتھ چین کی جانب

۱؎ عجائب الہند

۲؎ عجائب الہند۔ ص ۹۴ — ۱۴۰

روانہ کیا۔ یہ جماعت دہلی سے روانہ ہو کر کنبھایت پہونچی وہاں سے بندرگاہ قندھار میں آ کر جہاز پر سوار ہوئی۔ پانچ دن کے بعد جہازوں نے سنداپور میں لنگر ڈالا۔ یہ مقام ملیبار کی سرحد پر واقع ہے۔ یہاں سے ابن بطوطہ نے ملیبار میں داخل ہو کر ہناور، باسرور، منجرور، ہیلی، جرفتن، دہ فتن، بدفتن، فندرینہ، کالی کوٹ، کنجی کری، کولم اور شالیات کی سیاحت کی اس کے بعد کالی کوٹ میں آ کر مالدیپ کی جانب چلا گیا۔

سلیمان تاجر کا سفرنامہ

سلیمان تاجر کا سفرنامہ فرانسیسی ترجمہ کے ساتھ موسیو رینو Reinaud نے ۱۸۱۱ء میں بمقام پیرس طبع کرایا ہے۔ بزرگ بن شہریار کی عجائب الہند پروفیسر وان درلیتھ Von Der Lith نے ۱۸۸۳ء میں لیڈن میں چھپوائی ہے۔ ڈیویک Devic نے اس کا ترجمہ فرانسیسی میں کیا ہے جو[1] ۱۸۸۶ء میں طبع ہوا ہے۔

مارکوپولو کا سفرنامہ

سفرنامہ مارکوپولو کے مخطوطہ کو پروفیسر نورڈنشیلڈ Nordenshield نے عکس کے ذریعے سے ۱۸۸۳ء میں بمقام اسٹوکہام طبع کرایا ہے۔ انگریزی میں اس کے متعدد ترجمے ہوئے ہیں لیکن ان میں سر ہنری یول Sir Hinry Yule کا ترجمہ زیادہ مشہور ہے یہ ترجمہ ۱۸۷۱ء اور ۱۹۰۳ء میں دوبار طبع ہوا ہے۔

ابن بطوطہ کا سفرنامہ

ابن بطوطہ کے سفرنامہ کو دیفرمری Defremery اور گن گوئنیٹی Sanguenetti نے فرانسیسی ترجمہ کے ساتھ ۱۸۵۵ء میں پیرس میں چھپوایا ہے۔ اس کا وہ حصہ جو ہندوستان و چین سے تعلق رکھتا ہے وان مزیک Vou Mizk نے جرمن میں ترجمہ کیا ہے جو ۱۹۱۲ء میں برلن میں طبع ہوا ہے۔ ہیگ Haig نے سندھ کے حالات انگریزی میں ترجمہ کئے ہیں جو ۱۸۸۷ء میں لندن میں طبع ہوئے ہیں۔ لی Lee کا انگریزی ترجمہ جو اورینٹل ٹرانسلیشن فونڈ کی طرف سے ۱۸۲۹ء میں شائع ہوا ہے ناقص اور نامکمل خلاصہ ہے۔

---

[1] قلمی نسخہ

(۱۱)

ملیبار میں ابن بطوطہ کی سیاحت

اس شہر سے چل کر تین دن کے بعد ہم جزیرہ سنداپور میں پہنچے اس کے وسط میں دو شہر جزیرہ سنداپور
ہیں ایک پرانا ہے جو ہندوؤں کے وقت کا آباد کیا ہوا ہے۔ دوسرا شہر مسلمانوں نے اس وقت
آباد کیا تھا جس وقت انھوں نے اس جزیرہ کو پہلی بار فتح کیا۔ اس میں ایک بڑی جامع مسجد ہے
جو بغداد کی مسجدوں کی ہم شکل ہے۔ ناخدا حسن نے جو سلطان جمال الدین محمد ہنوری کا والد ہے
اسے تعمیر کیا ہے۔

سنداپور سے روانہ ہو کر دوسرے دن صبح کو ہنور پہنچے۔ یہ شہر ایک بڑی کھاڑی پر ہناور
واقع ہے۔ یہاں کے باشندے شافعی مذہب کے پابند دین دار، نیک بخت اور بحری طاقت
کے لئے نہایت مشہور ہیں۔ اس شہر کے عابدوں میں سے شیخ محمد ناگوری ہیں۔ وہ اپنا کھانا آپ
پکاتے ہیں تاکہ غلام اور لونڈی کے ناپاک ہاتھ نہ لگیں۔ فقیہ اسمٰعیل جو کلام اللہ پڑھاتے ہیں
نہایت پرہیزگار، خوش خلق اور فیاض آدمی ہیں۔ نورالدین علی شہر کا قاضی ہے۔ یہاں کی
عورتیں خوب صورت اور باعفت ہوتی ہیں اور ان کی یہ خصوصیت ہے کہ سب کی سب حافظ قرآن
ہیں۔ شہر میں تیرہ مکتب لڑکیوں کے لئے اور تئیس لڑکوں کے لئے قائم ہیں۔ یہاں کے
باشندے فقط بحری تجارت سے گزارہ کرتے ہیں۔ زراعت نہیں کرتے۔ یہاں کا حاکم سلطان
جمال الدین ہے۔ ملیبار کے لوگ بھی اس کو کچھ معین خراج دیتے ہیں۔ کیوں کہ اس کے پاس

لہ یہ باب غیر ضروری جزوں کو حذف کرنے کے بعد خاص ابن بطوطہ کے سفرنامہ کے اردو ترجمہ سے ماخوذ ہے۔

بحری طاقت بہت بڑی ہی۔ اس کے علاوہ چھ ہزار پیادے اور سوار بھی رکھتا ہی۔

ملیبار ہنور سے چل کر ہم تین دن کے بعد ملیبار کی سرحد میں پہونچے، یہ وہ ملک ہی جہاں سیاہ مرچ پیدا ہوتی ہی۔ اس کا طول دو مہینے کا راستہ ہی اور دریا کے کنارے کنارے سندا پور سے کولم تک چلا گیا ہی۔ سڑک پر برابر دو رویہ درخت ہیں۔ پھر نصف میل کے بعد ایک لکڑی کا مکان آتا ہی جس میں ہر مسافر خواہ ہندو ہو یا مسلمان آرام کرتا ہی اور ہر ایک گھر کے پاس ایک کنواں ہی جس پر ایک ہندو پانی پلاتا ہی۔

باسرور ملیبار کا سب سے پہلا شہر جس میں ہم داخل ہوئے ابی سرور تھا۔ یہ ایک چھوٹا سا شہر ایک بڑی کھاڑی کے کنارے پر ہی۔ یہاں ناریل کے درخت بہت ہیں۔ مسلمانوں میں سب سے زیادہ بڑا آدمی وہاں شیخ جمعہ ہی جو ابی ستہ کے نام سے مشہور ہی۔ یہ شخص بڑا سخی ہی۔ اپنا مال و اسباب سب فقیروں اور مسکینوں پر خرچ کر دیا ہی (یہاں سے روانہ ہو کر)

فاکنور دو دن کے بعد ہم فاکنور کے شہر میں پہونچے۔ یہ بھی ایک کھاڑی پر واقع ہی۔ یہاں پونڈا بہت عمدہ ہوتا ہی جس کا نظیر اس ملک میں کہیں نہیں ہوتا۔ اس شہر میں بہت سے مسلمان ہیں اُن میں سب سے بڑا حسین سلاط ہی جو اس شہر کا قاضی اور خطیب بھی ہی حسین سلاط نے ایک مسجد جامع بھی وہاں بنوائی ہی۔ اس شہر کے راجہ کا نام باسدیو ہی۔ تیس جنگی جہاز اُس کے پاس ہیں۔ لیکن اُن سب کا افسر ایک مسلمان ہی (یہاں سے روانہ ہو کر)

منجلور تین دن کے بعد ہم منجرور (منگلور) میں پہونچے۔ یہ بڑا شہر ہی۔ اور اس میں فارس اور یمن کے سوداگر کثرت سے آتے ہیں۔ یہاں چار ہزار کے قریب مسلمان رہتے ہیں۔ ان کی آبادی شہر کے باہر ایک طرف ہی۔ اس شہر میں شافعی مذہب کا ایک قاضی بھی ہی جس کا نام بدرالدین معبری ہی وہ تعلیم بھی دیتا ہی۔

ہیلی اس کے بعد ہم ہیلی کی طرف چلے اور دو دن میں وہاں پہونچے۔ یہ بڑا شہر ہی اور اس میں عمدہ عمارتیں بنی ہوئی ہیں۔ یہاں چین کے بڑے بڑے جہاز آتے ہیں جو ہوا کے کالیکو

کولم اور ہیلی کے کسی اور جگہ نہیں ٹھیر سکتے۔ ہیلی کو ہندو اور مسلمان دونوں متبرک سمجھتے ہیں کیونکہ اُس میں ایک جامع مسجد ہے جو برکت والی مشہور ہے۔ جہازوں کے سوار ہونے والے خیر و عافیت سے پہونچنے کے لئے اس جامع مسجد کی نذر مانتے ہیں اور بڑی بڑی نذریں چڑھاتے ہیں خطیب حسین اور حسن وزان کے ماتحت اس کا خزانہ ہے۔ یہ حسن وزان وہاں کے مسلمانوں میں سب سے بڑا آدمی ہے۔ اس مسجد میں طالب علموں کو بھی سبق پڑھاتے ہیں اور اُن کے لئے روزینہ بھی مقرر ہے۔ اس کے بیچ میں ایک باورچی خانہ بھی ہے جس میں ہر مسافر اور مسلمان فقیر کو کھانا دیا جاتا ہے۔

جرفتن ہیلی سے چل کر ہم جرفتن پہونچے۔ وہ ہیلی سے فقط دس فرسنگ ہے۔ اس شہر کے راجہ کا نام کویل ہے وہ ملیبار کے بڑے راجاؤں میں سے ہے۔ اُس کے پاس بہت سے جہاز ہیں جو عمان اور فارس اور یمن میں تجارت کے لئے جاتے ہیں۔ یہاں دستور ہے کہ جب کوئی مسافر مرجاتا ہے تو اُس کے پاس خواہ ہزاروں کا مال ہو وہ کسی مسلمان کے پاس امانت رکھدیا جاتا ہے اور جب تک کوئی شرعی وارث نہ آئے اُس میں کوئی تصرف نہیں کرسکتا۔

دہ فتن جرفتن سے ہم دہ فتن پہونچے۔ یہ بڑا شہر ہے دریا کے کنارے بستا ہے۔ اس میں باغات بکثرت ہیں۔ ناریل، سیاہ مرچ، چھالیہ اور پان بہت ہوتے ہیں۔ کیلا تو اس کثرت اور ارزانی کے ساتھ میں نے کسی ملک میں نہیں دیکھا ہے۔ اس شہر میں ایک بڑا کنواں ہے۔ اُس کا طول پانسو قدم عرض تین سو قدم ہے۔ سرخ رنگ کے ترشے ہوئے پتھر سے بنا ہوا ہے۔ اُس کے کناروں پر اٹھائیس گنبد بڑے بڑے ہیں۔ ہر ایک گنبد میں چار نشست گاہیں بنی ہوئی ہیں۔ کنوئیں کے مقابل مسجد جامع ہے۔ مسجد سے سیڑھیاں کوئیں میں اوترنے کے لئے بنی ہیں اور لوگ نیچے جاکر وضو اور غسل کیا کرتے ہیں۔ فقیہ حسین نے مجھ سے ذکر کیا تھا کہ اس مسجد اور کوئیں کو راجہ کویل کے دادا نے تعمیر کیا ہے جس نے اسلام قبول کرلیا تھا اور پکّا مسلمان تھا۔

بدفتن اُس کے بعد ہم شہر بدفتن میں گئے۔ یہ بھی ایک بڑا شہر ہے اور ایک بڑے دریا کے کنارے

آباد ہے۔ سمندر کے کنارے پر ایک مسجد بنی ہوئی ہے اُس میں مسلمان مسافر ٹھیرتے ہیں۔ کیوں کہ اس شہر میں کوئی مسلمان نہیں ہے۔ اس شہر کا بندرگاہ نہایت خوب صورت ہے۔ پانی بہت شیریں ہے چھالیہ بکثرت پیدا ہوتی ہے اور یہاں سے چین اور ہندوستان کو اُسے لے جاتے ہیں۔

فندرینا

بدپٹن سے چل کر ہم فندرینہ پہونچے۔ یہ بھی ایک بڑا شہر ہے۔ بازار اور باغات اس میں بکثرت ہیں۔ اس میں مسلمانوں کے تین محلے ہیں۔ ہر محلہ میں مسجد ہے اور جامع مسجد سمندر کے کنارہ پر ہے اس میں سمندر کی طرف نشست گاہیں بنی ہوئی ہیں جہاں سے عجیب نظارہ ہوتا ہے۔ اس شہر کا قاضی و خطیب عمان کا رہنے والا ہے اور اس کا بھائی بھی جو بڑا فاضل ہے یہیں رہتا ہے۔ اس شہر میں چین کے جہاز گرمی میں ٹھیرتے ہیں۔

کالی کوٹ

فندرینہ سے چل کر ہم شہر کالی کوٹ میں پہونچے۔ ملیبار میں یہ بہت بڑا بندرگاہ ہے۔ چین، جاوا، سیلان، مالدیپ، یمن اور فارس کے سوداگر یہاں آتے ہیں۔ بلکہ تمام دنیا کے سوداگر یہاں جمع ہوتے ہیں۔ اس کا بندرگاہ دنیا کے بڑے بندروں سے ہے۔ یہاں کا راجہ ہندو ہے جس کو سامری کہتے ہیں۔ یہ بھی اسی طرح داڑھی منڈواتا ہے جیسا کہ اس شہر کے رہنے والے فرنگی داڑھی منڈواتے ہیں۔ امیر التجار کا نام ابراہیم شاہ بندر ہے وہ بحرین کا باشندہ ہے۔ بڑا عالم اور سخی ہے۔ اطراف عالم کے سوداگر جمع ہو کر اُس کے دسترخوان پر کھانا کھاتے ہیں۔ اس شہر کا قاضی فخرالدین عثمان بھی بڑا سخی ہے۔ خانقاہ کا شیخ شہاب الدین گازرونی ہے۔ جو اشخاص چین اور ہندوستان میں شیخ ابو اسحاق گازرونی کی منت مانتے ہیں وہ اسی کو نذر دیتے ہیں۔ ناخدا مثقال بھی اسی شہر میں رہتا ہے۔ یہ شخص بہت مشہور اور مالدار ہے۔ اُس کے جہاز ہندوستان، چین اور یمن و فارس میں تجارت کے لئے آیا جایا کرتے ہیں۔

کنجی گری

کالی کوٹ سے روانہ ہو کر پانچویں دن ہم کنجی گری میں پہونچے۔ وہ پہاڑ کی چوٹی پر ہے اس میں یہودی رہتے ہیں۔ یہاں کا راجہ علیحدہ ہے اور وہ کولم کے راجہ کو جزیہ دیتا ہے۔

کولم

یہاں سے روانہ ہو کر دسویں دن ہم کولم میں پہونچے۔ ملیبار میں یہ شہر سب سے زیادہ

خوب صورت ہے۔ بازار بہت اچھے ہیں۔ یہاں کے سوداگر بڑے مالدار ہیں بعض سوداگر جہاز کا جہاز بھرا خرید لیتے ہیں اور اپنے گھر میں تجارت کے لئے ڈال رکھتے ہیں مسلمان سوداگر بھی اس شہر میں کثرت سے ہیں۔ اُن میں سب سے بڑا علاء الدین آدمی ہے وہ شہر آوہ کا رہنے والا شیعہ ہے۔ اُس کے ساتھی بھی اسی طریقہ کے پیرو ہیں۔ اس شہر کا قاضی قزوین کا ایک فاضل ہے۔ مسلمانوں میں بہت بڑا آدمی محمد شاہ بندری ہے۔ اُس کا بھائی تقی الدین بھی بڑا فاضل ہے۔ اس شہر کی جامع مسجد بھی عجیب ہے۔ اُسے خواجہ مہذب نے تعمیر کرایا ہے۔ یہ شہر ملیبار کے شہروں میں چین سے سب سے زیادہ قریب ہے۔ اس لئے چین کے بہت سے آدمی یہاں سفر کرکے آتے ہیں مسلمانوں کی اس شہر میں بہت عزت ہے راجہ کا نام تیسروری ہے وہ بھی مسلمانوں کی نہایت تعظیم کرتا ہے۔

کولم سے ہم جہاز پر سوار ہوکر ہنور، فاکنور، منجرور، ہیلی، جرفتن، دہ فتن، بدپتن، فندرینہ کالی کوٹ میں پھرتے ہوئے شالیات میں پہونچے۔ یہ شہر بھی بہت خوب صورت ہے اس میں کپڑا بہت اچھا بنتا ہے۔ جو اسی شہر کی طرف منسوب ہے۔ میں نے اس شہر میں بہت دن قیام کیا۔ پھر یہاں سے کالی کوٹ میں واپس آکر وہاں سے مالدیپ کی جانب چلا گیا۔

---

(۱۲)

ملیبار میں سلطان شاہرخ کا سفیر[۱]

امیر تیمور کی وفات (۸۰۷ھ / ۱۴۰۴ء) کے بعد اُس کا فرزند سلطان شاہرخ مرزا خراسان میں برسر حکومت ہوا تو اُس کی حکومت ترکستان سے عراق تک تمام ایران و خراسان میں پھیلی ہوئی تھی اور اطرافِ عالم کے بادشاہ اُس کے جاہ و جلال کا اعتراف کیا کرتے تھے۔ جون پور کے

[۱] یہ تمام بیان الیٹ کی تاریخِ ہندوستان سے ماخوذ ہے۔ ج ۴۔ ص ۹۵۔ ۹۸۔ ۱۰۳

بادشاہ سلطان شمس الدین ابراہیم (۸۰۳ھ / ۱۴۰۱ء تا ۸۴۰ھ / ۱۴۳۶ء) نے بنگالہ پر حملے جونپور سے شروع
کیں تو شاہانِ بنگالہ نے تنگ ہو کر سلطان شاہرخ مرزا سے اس کی شکایت کی۔ شاہرخ نے
شیخ الاسلام خواجہ کریم الدین ابوالمکارم جامی کو جونپور بہ سمت سلطان ابراہیم کے ہاں روانہ کیا۔
تاکہ شاہانِ بنگالہ اور سلطان ابراہیم کے درمیان مصالحت کرا دیں۔ صلح کے بعد شیخ الاسلام
جون پور سے بنگالہ پہونچے۔ وہاں سے بنگالہ کے ایلچی کو ساتھ لے کر براہ سمندر ایران کی جانب
مراجعت کی۔ سرندیپ سے گزرنے کے بعد طوفان کا سامنا ہوا جس سے محفوظ رہنے کے لئے
جہاز کو کالی کوٹ پر لنگر انداز کیا۔ یہاں شیخ الاسلام اور ایلچی نے سامری سے ملاقات کی اور
اُسے جب ان کے ہندوستان آنے کی وجہ معلوم ہوئی تو اُس نے بھی شاہرخ سے تعلقات
قائم کرنے کا ارادہ کیا اور خواجہ مسعود کو جو بہت بڑے عالم و فاضل تھے تحائف و ہدایا دے کر
ان کے ساتھ کر دیا اور شاہرخ سے خواہش کی کہ کالی کوٹ میں مسلمان کثرت سے رہتے ہیں اور
ان کے مساجد میں جمعہ اور عیدین کو خطبہ بھی پڑھا جاتا ہے اگر آپ اجازت دیں تو خطبہ میں آپ کا
نام شامل کر دیا جائے گا۔

خواجہ مسعود نے شیخ الاسلام کے ساتھ ہرات میں آکر شاہرخ کے دربار میں باریابی
حاصل کی۔ اس کا جواب ادا کرنے کے لئے شاہرخ نے خواجہ کمال الدین عبدالرزاق سمرقندی کو
سفیر مقرر کیا اور وہ ۸۴۶ھ / ۱۴۴۲ء میں ہرات سے روانہ ہو کر گیارہ مہینے کے بعد کالی کوٹ پہونچا
شاہرخ نے سامری کے لئے ایک عربی گھوڑا، پوستین کا زردوزی جبہ، کلاہ نوروزی اور
بہت سے بیش بہا ہدیئے بھیجے تھے۔ عبدالرزاق نے وہ سب پیش کئے۔ اس کے بعد تقریباً
پانچ مہینے کالی کوٹ میں مقیم رہا۔ اس اثنا میں عبدالرزاق کے آنے کی خبر بیجا نگر کے راجہ
دیو رائے کو معلوم ہوئی تو سامری کے توسط سے عبدالرزاق کو اپنے دربار میں طلب کیا عبدالرزاق
کالی کوٹ سے براہِ سمندر روانہ ہو کر منگلور پہونچا۔ وہاں سے پندرہ یوم کی مسافت طے
کرنے کے بعد بیجا نگر میں وارد ہوا۔ راجہ سے ملاقات کی آٹھ مہینے کے بعد ۱۲ شعبان ۸۴۷ھ / ۱۴۴۳ء کو

بیجانگر نے بحار جہ نے اپنے دو سفیر اس کے ساتھ کر دیئے۔ یہ لوگ بندر باکنور سے جہاز پر سوار ہوئے اور ایک سال کے بعد رمضان ۸۴۷ھ (۱۴۴۴ء) کو ہرات میں پہونچے۔ بیجانگر کے سفیر جب ہرات سے واپس ہوئے تو شاہرخ نے مولانا ناصر الدین نصر اللہ جنابدی کو سفیر بنا کر ان کے ساتھ دیو رائے کے یہاں روانہ کیا۔

کالی کوٹ میں پانچ مہینے تک عبدالرزاق کا قیام رہا۔ اس عرصہ میں اس نے یہاں کے جو کچھ حالات دیکھے ہیں وہ سب اپنی تاریخ "مطلع السعدین" میں تحریر کئے ہیں اور ان کا خلاصہ یہ ہے:-

"کالی کوٹ ایک آباد و معمور بندرگاہ ہے۔ اس میں حبش، زنجبار، زیر باد[1]، مکہ اور بلادِ حجاز کے بے شمار تاجر مقیم ہیں۔ دنیا کے ہر ملک کی نفیس اشیاء اس جگہ فروخت ہوتی ہیں۔ شہر میں مسلمانوں کی بہت بڑی تعداد آباد ہے۔ ان لوگوں نے راجہ کی اجازت سے دو جامع مسجد بھی بنائی ہیں۔ جہاں پابندی کے ساتھ اذان و صلوٰۃ ہوا کرتی ہے۔ راجہ نے مسلمانوں کے لئے ایک قاضی بھی مقرر کر دیا ہے۔ یہاں کے مسلمان زیادہ تر شافعی مذہب کے پیرو ہیں۔ شہر میں ہر طرح کا امن و امان ہے۔ تاجر جہازوں سے لا کر اپنا مال و اسباب بازاروں میں ڈال دیتے ہیں۔ جس کی حفاظت حکومت کی طرف سے ہوا کرتی ہے اور اس میں رتی برابر تصرف نہیں ہوتا ہے۔ جب تمام سامان فروخت ہو جاتا ہے تو منافع کا چالیسواں حصہ بطور زکوٰۃ کے لیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ کوئی اور محصول نہیں لیا جاتا۔ اگر کوئی سوداگر مر جاتا ہے یا کسی کی کشتی طوفان کے باعث تباہ ہو کر بندرگاہ پر آ جاتی ہے تو اس کے مال میں بھی کسی قسم کی خیانت نہیں کی جاتی ہے بلکہ اس کا وارث جب آتا ہے تو وہ تمام اسباب اس کے حوالہ کر دیا جاتا ہے۔ کالی کوٹ سے جو جہاز عرب اور عدن وغیرہ کو روانہ ہوتے ہیں ان میں عموماً سیاہ مرچ بھری ہوئی ہوتی ہیں۔ کالی کوٹ والے دریائی سفر میں بڑے

---

[1] زیر باد اہل فارس ان بلاد کو زیر باد کہتے ہیں جو ہندوستان کے سمندر میں فارس کے نیچے اور جانب مشرق ہندوستان کے واقع ہیں [illegible] مربان، پیگو، تکو بار وغیرہ

مشّاق اور تیز و چالاک ہوتے ہیں۔ اس لئے انھیں "چینی بچہ" کا لقب دیا گیا ہی۔"

(۱۴)

ملیبار کے دو مسلمان مصنف[۱]

ملیبار کے جنوبی قطعات میں کالی کوٹ کے نیچے ایک شہر فنان آباد ہی۔ وہ صدیوں تک مسلمانانِ ملیبار کا علمی اور مذہبی مرکز بنا رہا۔ نویں صدی کے اوائل ایّام میں علماے مشائخ کے ایک زبردست خاندان نے اس مقام میں بود و باش اختیار کی۔ یہ خاندان عام طور پر "مخادیم فنانیہ" کے لقب سے مشہور ہی۔ اس کے بعض اراکین نے یہاں ایک خانقاہ اور مدرسہ بھی تعمیر کرایا ہی جو اس وقت تک موجود ہی۔ پرتگیزی اقتدار سے پہلے اس خانقاہ میں عرب و عجم کے مشائخ صوفیہ بارہا آیا جایا کرتے تھے۔ مدرسہ میں عربی کے جملہ علوم و فنون کی تعلیم دی جاتی تھی بعض مقامی روایات سے معلوم ہوتا ہی کہ شیخ شہاب الدین ابن حجر المکی (المتولد ۹۰۹ھ / ۱۵۰۳ء والمتوفی ۹۷۴ھ / ۱۵۶۶ء) بھی جب ملیبار میں رونق افروز ہوئے تو اسی خانقاہ میں مقیم ہوئے تھے اور زمانۂ قیام میں ورنہ مدرسہ میں تشریف فرما ہوکر تفسیر و حدیث کا درس دیا کرتے تھے۔

خاندان مخادیم فنانیہ

مخادیم فنانیہ کے جدِّ اعلیٰ علی بن احمد المعبری تھے۔ معبران کا وطن تھا۔ وہاں سے ملیبار میں اکثر شہر کوشن (کوچین) میں مقیم ہوئے۔ پھر یہ خاندان قاضی زین الدین ابراہیم بن احمد المعبری کے ہمراہ وہاں سے نقلِ مقام کرکے فنان (پونان) میں آیا اور اس جگہ مستقل سکونت

---

[۱] اس بیان کے لکھنے میں کتبِ ذیل سے مدد لی گئی ہی۔ جرجی زیدان کی آداب اللغۃ العربیہ۔ ج ۳۔ ص ۳۴ و ۵۲۔ بروکلمن کی ادبیات عرب ج ۲۔ ص ۴۱۶۔ فانڈیک کی کتاب اکتفاء القنوع۔ ص ۱۶۱ و ۴۹۹۔ فہرست کتب خانہ خدیویہ جلد سوم۔ ص ۲۵۸۔ زین الدین کی مسالک الاتقیا۔ مارلی کی مخطوطات تاریخی ص ۱۴۳۔ ریو کی فہرست برٹش میوزیم ج ۲۔ ص ۲۳۴۔ آتولاٹھ کی فہرست انڈیا آفس۔ ص ۲۰۴

اختیار کرلی۔

شیخ علی بن احمد المعبری کے فرزند زین الدین ابو یحییٰ ۱۳ ارشعبان ۸۷۳ھ/۱۴۶۸ء کو پنجشنبہ کے روز طلوع آفتاب کے بعد کوشن میں پیدا ہوئے۔ فنان میں آنے کے بعد ہوش سنبھالا اور اسی جگہ صرف ونحو اور فقہ کی ابتدائی کتابیں پڑھیں۔ اس کے بعد شیخ شہاب الدین احمد بن عثمان الیمنی سے تفسیر وحدیث کو حاصل کیا۔ اس زمانہ میں کالی کوٹ مسلمانانِ ملیبار کا مرکز تھا اور یہاں بڑے بڑے اربابِ فضل وکمال جمع تھے۔ شیخ زین الدین تحصیل علم کے لئے وطن سے نکل کر کالی کوٹ میں آئے اور قاضی فخر الدین ابوبکر بن قاضی رمضان الشالیاتی سے جو دیارِ ملیبار کے امام اور قاضی القضات تھے۔ فقہ واصول فقہ کی تکمیل کی۔ پھر قاضی عبدالرحمن الادمی المصری کے حلقۂ درس میں شریک ہوکر روایت حدیث کی اجازت لی۔ یہ بزرگ اس زمانہ کے ائمۂ حدیث سے تھے اور انھوں نے شیخ شمس الدین الجوجری، شیخ زکریا انصاری اور شیخ کمال الدین محمد بن ابی شریف جیسے مشاہیر سے انھوں نے علم حدیث کو حاصل کیا تھا۔

شیخ زین الدین کو علوم ظاہری کے ساتھ علوم باطنی میں بھی کمال حاصل تھا۔ آپ سب سے پہلے شیخ جلیل خواجہ قطب الدین بن خواجہ عزالدین چشتی کے مرید ہوئے جو شیخ الشیوخ خواجہ فرید الدین اجودھنی کی اولاد سے تھے اور اُن سے قادریہ اور چشتیہ دونوں طریق میں خلافت حاصل کی۔ اس کے بعد شیخ طریقت ثابت بن عین بن محمود الزاہدی سے بیعت فرمائی اور اُن سے تبلیغ وتلقین کی اجازت بھی لی۔

شیخ زین الدین نے جمعہ کی شب کو نصف شب گزرنے کے بعد، ارشعبان ۹۲۸ھ/۱۵۲۱ء کو انتقال فرمایا اور اپنی خانقاہ میں جو فنان میں واقع ہے مدفون ہوئے۔ آپ کی قبر اس وقت بھی موجود اور زیارت گاہِ خاص وعام ہے۔

آپ نے بہت سی کتب مفیدہ اور قصائدِ نافعہ تصنیف فرمائے ہیں۔

(۱) مرشد الطلاب۔ تصوف میں کبیر الحجم کتاب ہے۔

(۲) سراج القلوب ۔ اس میں اُن کوائف کا تذکرہ ہے جو موت کے بعد انسان پر گزرتے ہیں۔

(۳) شمس الہدیٰ ۔ اس میں وعظ و تذکیر جمع کیے ہیں۔

(۴) تحفۃ الاحباء ۔ اس میں حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے اذکار و ادعیہ کو حذف اسانید کے بعد جمع کیا ہے۔

(۵) ارشاد القاصدین ۔ امام حجۃ الاسلام محمد بن محمد غزالیؒ کی کتاب منہاج العابدین کا خلاصہ ہے۔

(۶) شعب الایمان ۔ علامہ سید نورالدین الایجی کی تصنیف کی ہوئی اسی نام کی فارسی کتاب کو عربی میں ترجمہ کیا ہے۔

(۷) کفایۃ الفرائض ۔ امام صبروفی کی کتاب الکافی فی الفرائض کا خلاصہ

(۸) کتاب الصفا من الشفاء ۔ قاضی عیاض المالکی کی کتاب الشفا کا خلاصہ ہے۔

(۹) تسہیل الکافیہ ۔ ابن حاجب کے کافیہ کی شرح ہے۔

ان کے علاوہ ابن مالک کے الفیہ ابن الوردی کے تحفہ اور ابن المقری کے ارشاد پر مبسوط حواشی لکھے ہیں۔

ایک متوسط کتاب قصص الانبیا پر لکھی ہے جس میں حضرت آدم صفی اللہ سے حضرت داؤد علیہم السلام تک مشہور انبیا کا تذکرہ ہے۔ ایک اور کتاب مواعظ و مجالس کے طور پر سیرۃ النبی میں مدوّن فرما رہے تھے نصف سے زیادہ حصہ لکھا جا چکا تھا کہ ان کا انتقال ہو گیا اور کتاب ناتمام رہ گئی۔

آپ کے منظومات سے تین قصاید زیادہ مشہور و مقبول ہیں۔

(۱) ھدایۃ الاذکیا الی طریق الاولیا ۔ تصوف میں ہے۔

(۲) ارجوزہ ۔ یہ بھی تصوف میں ہے۔

(۳) تحریض اہل الایمان علی جہاد عبدۃ الصلبان ۔ اس میں ابتدائ

ملیبار میں پرتگیزوں کے آنے اور مسلمانوں پر ظلم و ستم برپا کرنے کا بیان ہے۔ اس کے بعد اُن کے خلاف جہاد کرنے کی ترغیب و تحریص دلائی ہے۔

هدایۃ الاذکیا۔ بلادِ عرب اور مشرقی جزائر میں نہایت مقبول ہوا ہے۔ اس پر متعدد شرحیں لکھی گئی ہیں۔ سب سے پہلے مصنف کے فرزند نے اس کی ایک شرح لکھی اور اُسے ارشاد الالبا کے نام سے موسوم کیا۔ یہ شرح مختصر تھی۔ اس لئے اس کے بعد ایک اور مبسوط شرح مسلک الاتقیا کے نام سے مدوّن کی اور اسے یکم محرم ۹۹۳ھ / ۱۵۸۵ء کو فنان میں تمام کیا۔ پہلی شرح کا مخطوط حیدرآباد کے کتب خانہ میں (فن تصوف نمبر ۱۵۰۹) محفوظ ہے۔ دوسری شرح ۱۲۹۲ھ میں بولاق مصر میں چھپ گئی ہے۔

گزشتہ صدی میں اسی قصیدے کی ایک شرح مکہ معظمہ میں اور دوسری جاوہ میں تصنیف ہوئی ہے۔ پہلی کا نام کفایۃ الاتقیا فی منہاج الاصفیا ہے۔ اس کے مصنف شیخ عارف باللہ سید ابو بکر بن سید محمد شطاء الدمیاطی منزیل مکہ معظمہ ہیں اور یہ ۱۳۰۲ھ میں مصر میں چھپی ہے۔ دوسری شرح کو جس کا نام سالم الفضلا ہے۔ محمد نوَوی الجاوی نے تصنیف کیا ہے اور یہ بھی ۱۳۰۱ھ میں قاہرہ میں طبع ہوئی ہے۔

شیخ زین الدین بن علی المعبری کے پوتے شیخ زین الدین بن عبد العزیز بن زین الدین المعبری فنان میں پیدا ہوئے اور اسی جگہ ۹۹۱ھ / ۱۵۸۳ء کے بعد انھوں نے انتقال کیا۔ شیخ شہاب الدین احمد بن حجر المکی کے شاگرد تھے ان کی تصنیفات سے دو کتابیں زیادہ مشہور ہیں۔

فتح المعین۔ شیخ عبد اللہ بن محمد بن علی الشنشوری خطیب جامع ازہر کی کتاب قرۃ العین فی مہمات الدین کی شرح ہے اور ۹۸۲ھ / ۱۵۷۴ء میں اختتام کو پہونچی ہے۔ اس میں فقہ شافعیہ کے مسائلِ مہمہ مذکور ہیں۔ یہ شرح عرب اور مشرقی جزائر کے شافعی عربوں میں نہایت مقبول ہوئی ہے اور اس پر عرب کے اکثر علماء نے حواشی لکھے ہیں۔ من جملہ اُن کے دو حاشیے بہت مشہور ہیں۔

(۱) ترشیح المستفید بن علی فتح المعین۔ اسے ۱۲۹۵ھ / ۱۸۷۸ء میں سید احمد علوی السقاف نے

لکھا ہی اور دو جلدوں میں مصر میں طبع ہوا ہی۔

(۲) اعانة الطالبین علی حل الفاظ فتح المعین ۔ شیخ عارف باللہ سید ابی بکر البکری ابن سید محمد شطا الدمیاطی نے ۲۳ رشوال سنہ ۱۳۰۰ھ (۱۸۸۲ء) کو بمقام مکہ معظمہ یہ حاشیہ تمام کیا ہی۔ چار جلدوں میں مصر القاہرہ میں چھپا ہی۔

(۳) تحفة المجاهدین فی بعض اخبار البرتکالیئین ۔ اس میں مصنف نے اپنے وطن ملیبار کے تاریخی حالات بیان کئے ہیں۔ کتاب ابواب پر منقسم ہی پہلے باب میں جہاد کے احکام ہیں۔ دوسرے باب میں مسلمانوں کے ملیبار میں آنے اور اسلام کے اشاعت پانے کا تذکرہ ہی۔ تیسرے باب میں ہندو اقوام کے عادات و رسوم مذکور ہیں۔ چوتھے باب میں پرتگیزوں کے ملیبار میں آنے اور یہاں کے بعض مقامات پر قابض ہوکر اپنے اقتدار کو قائم کرنے کی تاریخ لکھی ہی۔ آخر الذکر بیان کتاب کے دو ثلث اجزا پر پھیلا ہوا ہی۔ جس کی ابتدا سنہ ۹۰۴ھ (۱۴۹۸ء) سے ہوئی ہی اور سنہ ۹۹۱ھ (۱۵۸۳ء) کے اختتام تک ستاسی سال کے واقعات خوب شرح و بسط کے ساتھ تحریر کئے ہیں۔ یہ کتاب شہنشاہ اکبر (سنہ ۹۶۳ھ (۱۵۵۵ء) تا سنہ ۱۰۱۴ھ (۱۶۰۶ء)) کے اواسط عہد میں تصنیف ہوئی ہی۔ مصنف نے چوں کہ پرتگیزوں کے عروج کا زمانہ اپنی آنکھوں سے دیکھا ہی۔ اس لئے ان کے متعلق عینی مشاہدات اور ثقہ مسموعات قلم بند کئے ہیں اور اس موضوع پر ہندوستانی تصنیفات میں یہ سب سے پہلی کتاب ہی۔ مصنف نے اس کا دیباچہ سلطان علی عادل شاہ اول والئی بیجاپور کے نام پر لکھا ہی۔ جس نے سنہ ۹۶۵ھ (۱۵۵۷ء) سے سنہ ۹۸۸ھ (۱۵۸۰ء) تک بیجاپور میں حکومت کی ہی۔ لیکن اس کا اختتام سلطان کی وفات کے تقریباً تین سال بعد سنہ ۹۹۱ھ میں ہوا ہے۔

تحفة المجاہدین نے یورپ میں خاص شہرت حاصل کی ہی۔ اس کے ترجمے انگریزی اور پرتگیزی زبانوں میں ہو گئے ہیں۔ میجر رولینڈسن J Rowland Son نے جو مدراس کے قلعہ سینٹ جارج میں فارسی زبان کا مترجم تھا۔ کامل کتاب کا انگریزی میں ترجمہ کیا ہی جو اورینٹل ٹرانسلیشن فنڈ (Oriental Translation Fund)

کی طرف سے ۱۸۳۳ء میں بمقام لنڈن طبع ہوا ہے۔ پروفیسر ڈیوڈ لوپز D. Lopes نے صرف پرتگیزوں کے حالات پرتگیزی زبان میں ترجمے کئے اور اسے ۱۸۹۸ء میں لزبن میں چھپوایا ہے اور اس کا حسب ذیل نام رکھا ہے:

Historia Des Portagueses no Malabar.

مشہور حکیم و مورخ محمد قاسم فرشتہ نے اپنی تاریخ کے گیارہویں مقالہ میں تحفۃ المجاہدین کا ناقص خلاصہ درج کیا ہے جس کو اینڈرسن Ander son نے چند حواشی کے ساتھ انگریزی میں ترجمہ کر کے تذکرہ ملیبار Accont of Malabar کے عنوان سے ۱۷۸۶ء میں کلکتہ کے رسالہ ایشیاٹک مسلینی Asiatic Miscellany میں چھپوایا ہے۔ علاوہ ازیں جیمس برگس J. Briggs نے انگریزی میں اور نول کشور پریس نے اردو میں تاریخ فرشتہ کے جو ترجمے شائع کئے ہیں ان میں بھی یہ حصہ موجود ہے۔ ملاحظہ ہو تاریخ فرشتہ کا فارسی اڈیشن طبع بمبئی جلد دوم۔ صفحہ ۱۰ - طبع کان پور جلد دوم صفحہ ۳۶۸ - اردو ترجمہ طبع کان پور ۱۹۰۵ء جلد دوم۔ صفحہ ۴۸۸ - برگس کا انگریزی ترجمہ طبع لندن ۱۸۲۹ء جلد چہارم صفحہ ۵۳۱ -

---

(۱۴)

لاری سکّہ

فارس اور کرمان کے مابین جو ملک واقع ہے اسے ولایت شبانکارہ کہتے ہیں۔ اس کا وہ علاقہ جو سمندر سے ملا ہوا ہے لارستان کہلاتا ہے۔ لارستان کا مستقر حکومت لار ہے۔ اور اسی سے منسوب ہو کر تمام ملک اس نام سے موسوم ہو گیا ہے۔ یہاں کے باشندے عموماً تجارت پیشہ

اور بحری سفر میں نہایت مشتاق ہیں[1]۔ ہجرت کی ابتدائی صدیوں میں سندھ سے سرندیپ تک ہندوستان کے تمام سواحل پر کثرت کے ساتھ ان کے جہاز آمد و رفت کیا کرتے تھے اور اس بارے میں انھوں نے اس قدر عروج حاصل کرلیا تھا کہ ان سواحل کا تمام سمندر ان سے منسوب ہوکر بحر لاریان کہلاتا تھا[2]۔

سلاجقہ اعظم کی تباہی کے بعد ایران میں ملوک الطوائف کا بازار گرم ہوگیا۔ اس ہنگامہ میں ایک چھوٹی سی حکومت لار میں بھی قائم ہوگئی۔ ابن رازی نے جہان آرا کے حوالے سے لکھا ہے کہ اس حکومت کا آغاز چھٹی صدی کے اواسط میں ہوا اور سنہ ۹۴۰ھ / ۱۵۳۳ء تک اس خاندان کے تیرہ بادشاہ لار میں حکومت کرتے رہے[3]۔

ان بادشاہوں نے جو سکے مضروب کرائے تھے وہ لاری کہلاتے تھے۔ ایک اطالین سیاح پیٹرو ڈی لاوال Pietro Della Valle (سنہ ۱۰۲۳ھ / ۱۶۱۴ء تا سنہ ۱۰۳۶ھ / ۱۶۲۷ء) نے بیان کیا ہے کہ یہ سکے عام سکوں کے مانند نہ تو مدور تھے نہ مربع بلکہ ان کی صورت چپٹی سلاخ کے شکل ہوا کرتی تھی۔ ان کے دونوں کناروں پر ضرب کی علامت ثبت کرنے کے بعد موڑ کر دوہرا کر دیا جاتا تھا۔

فرانسیسی سیاح ٹیورنیر Tavernier (سنہ ۱۰۵۰ھ / ۱۶۴۰ء تا سنہ ۱۰۷۸ھ / ۱۶۶۷ء) کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ سکہ خلیج فارس سے سیلان تک عرب اور ہندوستان کے تمام بنادر اور جزائر میں عام طور پر رائج تھا۔ بحری تجار لین دین میں اس کے سوا دوسرا سکہ قبول نہیں کیا کرتے تھے۔

لاری سکہ بہمنیوں کے زمانہ سے دکن میں رائج ہوا ہے اور مورخ فرشتہ کی بعض

---

[1] نزہۃ القلوب ۱۲

[2] عجائب الہند۔

[3] ہفت اقلیم۔ اقلیم سوم درضمن تذکرۂ لار ۱۲

تصریحات سے اس کا پتا چلتا ہے کہ ۸۸۶ھ (۱۴۸۱ء) میں سلطان محمد شاہ بہمنی (۸۶۷ھ/۱۴۶۳ء – ۸۸۷ھ/۱۴۸۲ء) نے خواجہ محمود گاوان کو قتل کرا دیا تو خزانچی سے اندوختہ کی کیفیت دریافت کی۔ خزانچی نے بیان کیا کہ خواجہ کے یہاں دو خزانے رہتے ہیں۔ ایک شاہی خزانہ ہے جس کی رقم سے گھوڑے، ہاتھی اور سپاہیوں کے اخراجات کی سربراہی کی جاتی ہے۔ اس میں ایک ہزار لاری اور تین ہزار ہن موجود ہیں۔ دوسرا خیراتی خزانہ ہے اس کی رقم محتاج اور مساکین کے ضروریات میں صرف کی جاتی ہے۔ اس میں تین سو لاری کی ایک تھیلی رکھی ہوئی ہے۔[۱]

ہرموز لارستان کا مشہور بندرگاہ ہے۔ یہاں کے حکام نے جور و بیداد کو شروع کیا تو رئیس التجار محمد نور الدین کی اغواء سے گوا کے پرتگیزوں نے آکر شہر پر قبضہ کرلیا۔ اسی کی وجہ سے ایران کی تجارت بھی پرتگیزوں کے ہاتھ میں آگئی۔[۲] لین دین میں چوں کہ لاری سکہ کو رواج تھا۔ اس لئے انھوں نے بھی ہرمز بن لاری کے سکے مضروب کرائے۔ لیکن ان کا نقش جس کو شاہان لار نے مقرر کیا تھا تبدیل نہیں کیا۔ بلکہ ایک کونہ میں لاطینی کا حرف M بطور علامت کے زیادہ کر دیا جس سے پرتگال کے بادشاہ مینول ثانی کی جانب اشارہ ہے۔

کوکن کا بندرگاہ والی سلاطین بیجاپور کے قبضہ میں تھا۔ اس زمانہ میں یہاں کی بحری تجارت کمال عروج پر تھی۔ اس لئے سلاطین بیجاپور نے بھی اپنے یہاں لاری سکے مضروب کرائے تھے۔ ان کی شکل و صورت اصلی سکّوں کے بالکل مشابہ تھی لیکن انھوں نے لاری بادشاہوں کے عوض اپنا نام ان پر ثبت کرا دیا تھا۔ یہ سکّے اس وقت بھی کوکن میں بعض وقت مل جاتے ہیں اور ان کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ علی عادل شاہ اول کے عہد میں مضروب ہوئے ہیں۔ جو ۹۶۵ھ/۱۵۵۷ء سے ۹۸۸ھ/۱۵۸۰ء تک بیجاپور میں برسر حکومت رہا ہے۔ ان پر ایک جانب "ابوالمظفر علی عادل شاہ" اور دوسری جانب "ضرب لاری دانگے" مسکوک ہے اور

---

[۱] تاریخ فرشتہ۔ ج ۲۔ ص ۳۵۹

[۲] ہفت اقلیم۔ در ضمن تذکرہ ہرموز

اس کا وزن زیادہ سے زیادہ پچھتر گرین اور کم سے کم اکھتر گرین پایا گیا ہی۔ اس بنا پر ڈھائی لاری کی قیمت ایک مغلیہ روپیہ کے مساوی معیّن کی جا سکتی ہی۔

بعض پرتگیزی سیّاحوں کے بیان سے معلوم ہوتا ہی کہ کالی کوٹ، کوچین اور سیلان کے راجہ بھی ان سکّوں کو ضرورت کے وقت مضروب کر لیا کرتے تھے اور ان ممالک کے بحری تجارت میں اٹھارھویں صدی عیسوی کے خاتمہ تک عام طور پر اس کا رواج تھا۔ لیکن جب انگریزی سکہ مروّج ہوا تو اس کا استعمال متروک ہو گیا۔

---

(۱۵)

ساحلِ ملیبار پر پرتگیزوں کا اقتدار

اہلِ یورپ صدیوں سے ہندوستان کے عجائبات اور یہاں کی دولت مندی اور زرخیزی کے تذکرے سنا کرتے تھے اور جب مارکو پولو (Marco Polo) نے اپنے سفر سے واپس ہو کر ان تمام باتوں کی تصدیق کی تو ان کو بھی ہندوستان تک پہونچنے کی ہوس دامن گیر ہوئی۔ اس زمانہ میں ہندوستان کی آمد و رفت بحرِ احمر اور خلیج فارس سے ہوا کرتی تھی لیکن یہ ممالک مسلمانوں کے قبضہ میں تھے اور یہاں سے گزر کر ہندوستان تک پہونچنا اہلِ یورپ کے لئے دشوار تھا۔ اس لئے انھوں نے ہندوستان تک ایک جدید راستہ کو تلاش کرنا شروع کیا اور افریقہ کے مغربی ساحل سے گزر کر ہندوستان تک پہونچنے کے لئے کوشاں رہے۔ ۸۹۱ھ ۱۴۸۶ء میں ایک پرتگالی جہاز ران بارتھولومیو ڈیاز (Bartholomew Diaz) پرتگال کے بندرگاہ لزبن سے روانہ ہو کر افریقہ کے کنارے کنارے سفر کرتا ہوا انتہائے جنوب تک چلا گیا۔ جہاں اُسے ایک شدید طوفان سے سابقہ ہوا


ایشیا
یورپ
ایران
عرب
افریقہ
اسپین
شمالی امریکہ
جنوبی امریکہ
جزائر غرب الہند
کولمبس کا راستہ

اور اس مصیبت سے نجات پانے کے بعد اس کا جہاز جب ایک راس پر لنگر انداز ہوا تو اُس نے اس کا نام راس طوفان Cape of Storm رکھا اور یہاں سے بے نیل مرام وطن کو واپس چلا آیا۔ یہ کیفیت جب شاہ پرتگال کو معلوم ہوئی تو اُس نے راس کو راس الرجا Cape of Good-Hope کے نام سے موسوم کیا۔ کیوں کہ اُسے اُمید تھی کہ اس مقام سے ہندوستان تک پہونچنے کا راستہ آسانی کے ساتھ مل جائے گا۔

اس واقعہ کے چار سال بعد ۸۹۸ھ ۱۴۹۲ء میں شاہ اسپین کی جانب سے ہندوستان کا راستہ تلاش کرنے کے لئے کرسٹوفر کولمبس Christpher Columbus روانہ ہوا لیکن ہندوستان آنے کی بجائے امریکہ پہونچ گیا اور اس جدوجہد میں اہلِ یورپ کو ایک جدید دنیا کا علم حاصل ہو گیا۔

اس کے چھ سال بعد ۹۰۴ھ ۱۴۹۸ء میں پرتگال سے واسکوڈی گاما Vasco De Gama کی مہم روانہ ہوئی۔ یہ مہم راس الرجا سے گزر کر جزیرہ زقازیق Madagascar میں پہونچی۔ جہاں واسکو دی گاما کو ایک مسلمان جہاز راں مل گیا اور اس کی رہنمائی سے اس کے جہاز نے ہندوستان تک آکر ساحلِ ملیبار پر لنگر ڈالا۔ اس تاریخ سے اہلِ یورپ کو ہندوستان کا راستہ معلوم ہو گیا اور ان کے تعلقات ہندوستانیوں کے ساتھ بلا واسطہ قائم ہو گئے۔

واسکوڈی گاما چار چھوٹے چھوٹے جہاز لے کر جس میں ایک سو ساٹھ آدمی سوار تھے لزبن سے روانہ ہوا۔ دس مہینے نو دن کی طویل مسافت کے بعد ۲۰ رمضان ۹۰۳ھ (۱۱ مئی ۱۴۹۸ء) کو ساحلِ ملیبار کے بندر فندرینہ میں پہونچا اور وہاں سے کالی کوٹ میں آکر تقریباً ڈیڑھ سال مقیم رہا۔ اس عرصہ میں ملک کے حالات سے واقفیت حاصل کی۔ باشندوں سے دوستانہ تعلقات قائم کئے۔ اس کے بعد وطن کی جانب واپس ہوا اور دو برس دو مہینے کے بعد ۲۲ محرم ۹۰۵ھ (۲۹ اگست ۱۴۹۹ء) کو لزبن پہونچا۔

اس کے بعد شاہ پرتگال نے ۹۰۶ھ؁ ۱۵۰۱ء؁ میں تیسری بار جہاز ہندوستان کی جانب روانہ کئے کابرال Cabral ان جہازوں کا افسر تھا اور اس میں تیرہ سو آدمی سوار تھے۔ یہ لوگ ۱۸ صفر ۹۰۶ھ؁ (۱۳ ستمبر ۱۵۰۰ء؁) کو کالی کوٹ میں آئے۔ تجارتی کاروبار کا آغاز کیا اور سامری سے کہا کہ اگر ان ممالک میں عربوں کی تجارت روک دی جائے تو ہم اُن سے زیادہ نفع پہونچا سکتے ہیں لیکن سامری نے یہ شرط قبول نہیں کی تو ان میں اور کالی کوٹ والوں میں لڑائی ہوگئی۔ پرتگیز شہر پر گولے برساتے ہوئے کوچین کو چلے گئے اور وہاں کے راجہ سے تعلقات مستحکم کرکے سامان تجارت مہیا کرنے کے بعد وطن کی جانب مراجعت کی۔

سامری نے جب دیکھا کہ راجہ کوچین نے پرتگیزوں کو پناہ دی ہے تو اس نے کوچین پر فوج کشی کی طرفین میں لڑائی ہوئی راجہ کوچین نے ہزیمت اُٹھاکر جزیرہ وائی پین میں پناہ لی۔ اسی دوران میں پرتگیزی جہازوں کا ایک بیڑا آیا۔ اس نے کوچین کے راجہ کی حمایت کی اور اُسے کوچین میں واپس لاکر از سرِ نو حکومت پر قائم کیا۔ اس کوشش کے صلہ میں راجہ کوچین نے بمقام کوچین قلعہ بنانے کی اجازت دیدی۔ ہندوستان میں یہ سب سے پہلا قلعہ ہے جسے پرتگیزوں نے تعمیر کیا۔

۹۱۰ھ؁ ۱۵۰۵ء؁ میں پرتگیزوں نے المیڈا Francisco De Ahneidal کو ہندوستان بھیجا اور اسے اس علاقہ کا وائسرے بنایا حالانکہ اس وقت ہندوستان میں چپّہ بھر زمین بھی ان کے تصرف میں نہیں تھی۔ اس نے ساحلِ ملیبار پر آکر کوچین میں سکونت اختیار کی مسلمانوں کو سیاہ مرچ کی تجارت سے مانع ہوا اور ان کے تجارتی جہازوں کی جو عرب و عجم کی طرف جایا کرتے تھے مزاحمت شروع کی۔ یہ امر مسلمانوں اور سامری دونوں کو ناگوار گزرا اور انھوں نے پرتگیزوں کی مدافعت کے لئے شاہانِ گجرات و بیجاپور اور سلطانِ مصر سے امداد چاہی۔ اس زمانہ تک ہندوستانی اجناس کی تجارت کا مرکز یورپ میں وینس تھا۔ وینس والے ان اجناس کو مصریوں کے ذریعے سے حاصل کیا کرتے تھے۔ جب وینس والوں نے محسوس کیا

کہ پرتگیزوں کی وجہ سے ان کی تجارت ختم ہو رہی ہے تو انھوں نے بھی اہلِ مصر کو ان کے استیصال کی ترغیب دی اور جہاز سازی کا اس قدر سامان اپنے یہاں سے دیا کہ بارہ جنگی جہاز تیار ہو گئے۔

اس زمانے میں ملک اشرف ابو نصر قانصو (۹۰۶ھ ۱۵۰۰ء – ۹۲۲ھ ۱۵۱۶ء) مصر میں اور سلطان محمود (۸۶۳ھ – ۹۱۷ھ) گجرات میں حکمراں تھے۔ اہلِ مصر کے تیرہ جہاز گجرات میں آ کر دیو میں لنگر انداز ہوئے۔ وہاں سے چیول میں آ کر پرتگیزوں سے مقابلہ کیا۔ اہلِ مصر کامیاب ہو کر دیو میں واپس چلے آئے۔ اس اثنا میں ساموری نے بھی چالیس جہاز بھیجے، گجرات کا بیڑا بھی تیار ہو گیا۔ المیڈا بھی بڑے اہتمام کے ساتھ کنانور سے نکلا۔ سب سے پہلے دابل میں آ کر قتلِ عام کیا۔ وہاں سے روانہ ہو کر دیو پہنچا جہاں سخت مقابلہ ہوا۔ مصریوں نے شکست پائی۔ گجرات کے امیر البحر ملک ایاز نے صلح کر لی۔ پرتگیز اس مہم سے واپس ہوتے ہوئے کالی کوٹ میں آئے۔ اور وہاں کی جامع مسجد کو جسے ناخدا مثقال نے تعمیر کیا تھا جلا کر خاکِ سیاہ کر دیا۔ یہاں سے پونانی میں لوٹ مار کرتے ہوئے کولم میں آ پہونچے اور یہاں بھی اپنے لئے ایک قلعہ تعمیر کیا۔

اسی زمانہ میں البوقرق Afon so De Albuquerque ہندوستان کا گورنر مقرر ہوا۔ اس نے سب سے پہلے پرتگیزوں کے لئے ایک محفوظ مرکز بنانے کی کوشش کی۔ گوا۔ ملیبار اور گجرات دونوں کے مابین ساحل کے عین وسط میں واقع تھا۔ اس لئے البوقرق کو یہ مقام پسند آیا اور اس نے معمولی کوشش کے بعد اس پر قبضہ کر لیا۔ یہ مقام سلطنت بیجاپور کے علاقہ میں تھا۔ عادل شاہ کو جب یہ کیفیت معلوم ہوئی تو اس نے فوراً گوا میں آ کر البوقرق کو نکال دیا اور اپنے ایک امیر کو یہاں کا حاکم بنا کر واپس چلا آیا۔ ۹۱۶ھ ۱۵۱۰ء میں یوسف عادل شاہ کا انتقال ہو گیا اور اس کے عوض ایک خرد سال لڑکا اسمٰعیل عادل شاہ بر سرِ حکومت ہوا۔ اس موقع سے فائدہ اٹھا کر البوقرق نے گوا پر پھر حملہ کیا اور ایک شدید معرکہ کے بعد جس میں مسلمانوں کے

سلہ موسیو سیدیو کی تاریخ العرب طبع مصر۔ ص ۲۴۲ و ۲۴۳

چھ ہزار آدمی مارے گئے شہر پر قبضہ کرلیا۔ یہ واقعہ یکم دسمبر ۱۵۱۰ء / ۹۱۶ھ کا ہے اور اس وقت سے آج تک یہ شہر اُن کے قبضہ میں ہے۔

اس کے بعد مسلمان تجارتی کاروبار سے معطّل ہونے لگے۔ پرتگیزوں کی قوت سواحل بندر پر روز بروز بڑھتی گئی اور ان کے جہاز ملیبار سے گزر کر سرندیپ اور مشرقی جزائر سے ہوتے ہوئے چین تک پہونچ گئے۔ شمال میں خلیج فارس کے بندروں تک ان کی آمد و رفت کا سلسلہ جاری ہوگیا۔

ہمایوں بادشاہ نے جب گجرات کا رخ کیا تو یہاں کے بادشاہ سلطان بہادر شاہ (۹۳۲ھ / ۱۵۲۶ء – ۹۴۳ھ / ۱۵۳۶ء) نے پرتگیزوں سے امداد چاہی اس تقریب سے پرتگیز جب گجرات میں پہونچے تو سلطان سے بمبئی اور دھائم میں اپنی کوٹھیاں قائم کرنے کی اجازت لے لی اور یہاں سے دیو میں آکر اس پر بھی قبضہ کرلیا۔ سلطان نے پرتگیزوں کے کپتان کو حقیقتِ حال معلوم کرنے کے لئے اپنے یہاں بلایا لیکن اس نے بیماری کا عذر کردیا۔ اس پر سلطان اپنے مصاحبین کے ساتھ کشتی میں سوار ہوکر خود بندر دیو میں پہونچا اور جب وہاں سے واپس ہونے لگا تو کشتی پر سوار ہوتے وقت پرتگیزوں نے اُسے مار کر دریا میں ڈال دیا۔ یہ واقعہ ۱۳ / رمضان ۹۴۳ھ / ۱۵۳۶ء کا ہے۔[۱]

سلطان بہادر کی شہادت کے بعد اہلِ گجرات کی توجہ دلانے پر روم کے سلطان سلیمان خاں (۹۲۶ھ / ۱۵۲۰ء – ۹۷۴ھ / ۱۵۶۶ء) نے ایک مہم مصر سے روانہ کی تاکہ گجرات سے پرتگیزوں کا استیصال کرے اس مہم میں تین سو جہاز اور سات ہزار ترکی سپاہی تھے۔ یہ لوگ عدن کو تسخیر کرتے ہوئے دیو پہونچے۔ جزیرہ کا محاصرہ کیا۔ آٹھ مہینے تک جنگ ہوتی رہی لیکن اس اثنا میں ترکوں کا آذوقہ ختم ہوگیا۔ اہلِ گجرات سے رسد کا انتظام نہ ہوسکا۔ جس کے باعث یہ لوگ مجبور ہو کر

---

[۱] تحفۃ المجاہدین قسم چہارم فصل ہفتم۔ مرآۃ سکندری۔ ص ۲۵۶۔ تاریخ فرشتہ۔ ج ۲ ۔ ص ۲۷۴

مصر کی جانب روانہ ہو گئے۔

اس زمانے میں گوا اور دیو پر پرتگیزوں کا مستقل قبضہ تھا۔ سوائے اس کے کوچین، کنانور، کولم، ناگاپٹن اور ایسے ہی دو چار اور بستیوں میں انھوں نے اپنی تجارتی کوٹھیاں بنالی تھیں۔ اس کے سوائے ملک میں کسی جگہ بھی ان کا قبضہ نہیں تھا لیکن وہ ان بحری مقبوضات کے باعث اپنے آپ کو مشرقی ممالک کا بادشاہ سمجھتے تھے اور انھیں پاپائے روم نے "مشرقی سمندروں کا شہنشاہ اور عرب و ہندوستان کا فاتح" خطاب دے رکھا تھا۔

پرتگیز جس مقام پر بھی جاتے شہروں میں لوٹ مار کرتے۔ مکانوں کو جلاتے، مساجد و معابد کو گراتے، باشندوں کو جبراً عیسائی بناتے ورنہ بڑی بڑی تکلیفیں دے کر ذلیل و رسوا کیا کرتے تھے۔ ان باتوں سے دکن کے سلاطین بھی واقف ہو گئے تھے۔ ۹۷۲ھ (۱۵۶۴ء) میں ان بادشاہوں نے باہم اتفاق کر کے بیجانگر کی عظیم الشان سلطنت کو تباہ کر دیا تو پرتگیزوں کی جانب رجوع ہوئے۔ رانی گونڈہ چول کے قریب نظام شاہی علاقہ کا ایک بندر تھا۔ پرتگیزوں نے کچھ عرصہ سے اس پر قبضہ کر لیا تھا۔ اسی طرح گوا بھی انھوں نے عادل شاہیوں سے لیا تھا۔ اس وقت ان دونوں نے ان شہروں کو واپس لینے کا ارادہ کیا۔ ۹۷۹ھ (۱۵۷۱ء) میں مرتضیٰ نظام شاہ (۹۷۲ھ تا ۹۹۶ھ / ۱۵۶۵ء تا ۱۵۸۸ء) کی فوج نے رانی گونڈہ کا محاصرہ کیا۔ علی عادل شاہ (۹۶۵ھ تا ۹۸۷ھ / ۱۵۵۷ء تا ۱۵۷۹ء) کی فوج ادھونی فتح کرنے کے بعد گوا کی جانب متوجہ ہوئی۔

رانی گونڈہ پر دو برس اور گوا پر دس مہینے محاصرہ رہا۔ پرتگیز توپ و تفنگ سے کام لیا کرتے تھے اور ان کی رسد جہازوں کے ذریعہ بآسانی آیا کرتی تھی۔ اس لئے ان کا کوئی نقصان نہیں ہوا اور مسلمانوں نے اس کوشش کو بے فائدہ سمجھا تو محاصرہ اٹھا کر کرناٹک اور کنڑا میں دوسرے علاقوں کی تسخیر کے لئے متوجہ ہو گئے۔

پرتگیزوں کی تجارت سلطنت بیجانگر کے باعث کمال عروج پر تھی۔ عرب و ایران اور

---

۱ تحفۃ المجاہدین قسم چہارم فصل ہشتم۔ تاریخ فرشتہ ج ۲ - ص ۴۹۵

بلادِ یورپ سے جس قدر اسباب لاتے وہ سب بیجا نگر میں صرف ہو جاتا تھا۔ ساسیٹی Saassetti اور کوٹو Couto نے بیان کیا ہے کہ اس تجارت سے پرتگیزوں کو بارہ پندرہ لاکھ ڈیوک کا منافعہ ہوا کرتا تھا اور اس میں سے پانچ لاکھ طلائی پگوڈے ہر سال پرتگال کو روانہ کئے جاتے تھے۔ پگوڈا اُس زمانہ میں ساڑھے سات تنگ کے مساوی تھا۔ سلطنت بیجانگر جب تباہ ہو گئی تو پرتگیزوں کی تجارت میں بھی زوال آگیا اور گھٹتے گھٹتے ان کا منافع چھ ہزار ڈیوک تک رہ گیا

گیارھویں صدی کے ابتدائی زمانہ میں ہالینڈ کے باشندوں نے اسپین کے تسلط سے آزادی حاصل کی اس کے بعد بحری طاقت مہیا کر کے مشرقی ممالک میں پرتگیزوں کے مقابل بن گئے۔ ان کے جہازوں نے راس الرجا کو عبور کر کے ۱۰۰۵ھ ۱۵۹۶ء سے ہندوستان تک آمد و رفت شروع کی۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ پرتگیزی اقتدار کو انحطاط ہونے لگا۔ پچاس سال کے اندر اندر ساحل کے تمام مقبوضات ان کے قبضے سے نکل گئے۔ صرف گوا اور ڈیو پر قبضہ رہ گیا جو اس وقت تک قائم ہے۔

---

(۱۶)

وقائع مہمہ

قبل ہجرت	قبل مسیح	
	۹۹۲	حضرت سلیمان کی بحری مہم ساحل ملیبار پر وارد ہوئی۔
	۹۱۲	بنی اسرائیل کے بادشاہ یوسفط نے ملیبار کی جانب روانہ کرنے کے لئے دس جہازوں کی مہم تیار کی

قبل ہجرت قبل مسیح

سنہ ۲۵۶ راجہ اشوک کا کتبہ (جس میں چیرا اور پانڈیا خاندان کا ذکر ہے)
منقوش ہوا۔

سنہ ۳۰ رومی قیصر آگسٹس نے مصر فتح کیا۔

بعد مسیح

سنہ ۲۳ء رومی مصنف پلینی پیدا ہوا۔

سنہ ۴۸ء رومیوں کا جہاز مصر سے روانہ ہو کر پہلی مرتبہ ساحلِ ملیبار پر
لنگر انداز ہوا۔

سنہ ۵۲ء مقدس تھوما ساحلِ ملیبار پر بمقام کرنگانور جہاز سے اترا۔

سنہ رومی جغرافیہ نویس بطلیموس فوت ہوا۔

سنہ ۳۴۵ مانک بھاشکر نے ملیبار کے دو عیسائی خاندانوں کو ہندو بنایا۔

سنہ ۵۳۰ یمن میں یہودیوں اور نصرانیوں کا مناظرہ ہوا۔ یہودی عرب سے
نقلِ مقام کر کے ساحلِ ملیبار پر متوطن ہوئے۔

سنہ ۵۴۵ کاسماس نے اپنا جغرافیہ تصنیف کیا۔

بعد ہجرت

سنہ ۱۰ سنہ ۶۳۱ یمن اور حضرموت کے ساحلی باشندوں نے اسلام قبول کیا

سنہ ۸۱ سنہ ۷۰۰ ساحلِ ملیبار پر سریانی عیسائیوں کا پہلوی کتبہ مکتوب ہوا۔

سنہ ۸۶ سنہ ۷۰۵ سرندیپ میں مسلمان آباد پائے گئے۔

سنہ ۲۱۰ سنہ ۸۲۵ چیرومن پیرومال مسلمان ہونے کے بعد ملیبار سے جانبِ عرب
روانہ ہوا۔
سامری خاندان کی بنیاد قائم ہوئی۔

بعد ہجرت	بعد مسیح	
۲۱۲	۸۲۷	چیرومن پیرومال ساحلِ عرب پر جہاز سے اُترا۔
۲۱۶	۸۳۱	چیرومن پیرومال نے ساحلِ عرب پر بمقام ظفار انتقال کیا۔
۲۱۸	۸۳۳	چیرومن پیرومال کی وصیت کے مطابق مالک بن دینار، مالک بن حبیب اور اُن کے اہل وعیال اشاعتِ اسلام کے لئے ملیبار میں وارد ہوئے۔
۲۲۰	۸۳۵	مالک بن دینار اور مالک بن حبیب نے ملیبار سے جانب عرب سفر کیا۔
۲۲۱	۸۳۶	مالک بن دینار عرب سے جانب خراسان روانہ ہوئے۔
		مالک بن حبیب نے عرب سے جانب ملیبار مراجعت کی۔
۲۳۷	۸۵۱	سلیمان تاجر ساحلِ عرب سے جہاز پر سوار ہو کر ملیبار سے گزرتا ہوا جانبِ چین روانہ ہوا۔
۲۶۶	۸۷۹	ابن خوردادبہ نے کتاب المسالک و الممالک لکھی اور اُس میں ملیبار کا ذکر ملی کے نام سے کیا۔
۳۰۴	۹۱۶	مورخ مسعودی نے انتقال کیا۔
۳۰۶	۹۱۸	عربوں کے تین جہاز سیراف سے جانب ہند روانہ ہو کر صیمور کے قریب طوفان سے تباہ ہوگئے۔
۴۰۴	۱۰۱۳	سے پہلے بزرگ بن شہریار کی کتاب عجائب الہند تصنیف ہوئی۔
۵۰۰	۱۱۰۶	کے قریب خاندان علی راجا کی بنیاد کنانور میں پڑی۔
۵۴۸	۱۱۵۳	شریف ادریسی نے اپنا جغرافیہ لکھا اور اُس میں پہلی مرتبہ ملیبار کا لفظ استعمال کیا۔
۶۲۶	۱۲۲۸	مشہور جغرافیہ نویس یاقوت حموی نے انتقال کیا۔

بعد ہجرت	بعد مسیح	
۶۶۴ھ	۱۲۶۵ء	مارکوپولو مشہور سیاح نے ساحل معبر وملیبار کا سفر کیا۔
۷۱۰ھ	۱۳۱۰ء	مورخ رشید الدین فضل اللہ ہمدانی نے انتقال کیا۔
۷۲۰ھ	۱۳۲۰ء	مورخ ابو الفدا نے انتقال کیا۔
۷۴۴ھ	۱۳۴۳ء	ابن بطوطہ نے ملیبار کا سفر کیا۔
۸۴۸ھ	۱۴۴۴ء	عبدالرزاق سمرقندی سفیر سلطان شاہ رخ مرزا کالی کوٹ میں وارد ہوا
۸۶۷ھ	۱۴۶۲ء	ابو یحییٰ زین الدین معبری کوچین میں تولد ہوئے۔
۸۹۱ھ	۱۴۸۶ء	بارتھالومیو دیاز نے راس الرجا دریافت کیا۔
۸۹۸ھ	۱۴۹۲ء	کرسٹوفر کولمبس نے امریکہ دریافت کیا۔
۹۰۳ھ	۱۴۹۷ء	واسکوڈی گاما نے پہلے پہل سواحل پر آکر ملیبار میں جہاز سے اترا۔
۹۰۶ھ	۱۵۰۰ء	پرتگال سے کابرال تیرہ جہاز لے کر ملیبار میں وارد ہوا۔
۹۱۰ھ	۱۵۰۵ء	بادشاہ پرتگال نے المیڈا کو سواحل ہند کا گورنر مقرر کیا۔
۹۱۳ھ	۱۵۰۷ء	ملک اشرف قانصو سلطان مصر اور پرتگیزوں کے مابین ساحل ہند پہ بحری لڑائی ہوئی۔
۹۱۴ھ	۱۵۰۸ء	باربوسا سیاح ساحل ملیبار پر وارد ہوا۔
۹۱۵ھ	۱۵۰۹ء	البوقرق سواحل ہند کا گورنر مقرر ہوا۔
۹۱۶ھ	۱۵۱۰ء	البوقرق نے گوا پر مستقل قبضہ حاصل کیا
۹۲۸ھ	۱۵۲۱ء	ابو یحییٰ زین الدین معبری نے پونانی میں انتقال کیا۔
۹۴۳ھ	۱۵۳۶ء	پرتگیزوں نے سلطان بہادر گجراتی کو مار کر دریا میں ڈال دیا۔
۹۴۵ھ	۱۵۳۸ء	سلطان سلیمان والیٔ روم نے پرتگیزوں کے خلاف مصر سے ڈیو واقع گجرات پر حملہ کیا۔

بعد ہجرت	بعد مسیح	
۹۵۲	۱۵۴۵	پرتگیزوں نے کنانور کے سردار ابوبکر علی اور اس کے خسر کنج صوفی کو مار ڈالا
۹۵۴	۱۵۴۷	کوہ سینٹ تھامس پر رومن کیتھولک فرقہ کا کلیسا تعمیر ہوا۔
۹۶۰	۱۵۵۲	پرتگیزوں نے علی راجہ کے مقبوضہ جزائر ملیبار پر حملہ کیا۔
۹۷۲	۱۵۶۴	سلطنت بیجانگر تباہ ہوئی۔
۹۶۹	۱۵۶۱	مرتضیٰ نظام شاہ نے رانی گونڈہ کا اور علی عادل شاہ نے گوا کا محاصرہ کیا
۹۸۳	۱۵۷۵	شیخ زین الدین بن عبد العزیز معبری نے فتح المعین تصنیف کی۔
۹۹۱	۱۵۸۳	شیخ زین الدین موصوف نے تحفۃ المجاہدین تصنیف کی۔
۹۹۳	۱۵۸۵	شیخ زین الدین موصوف نے مسالک الاتقیا تمام کی۔
۱۰۰۵	۱۵۹۶	ولندیزوں کے جہازوں نے راس الرجا کو عبور کرکے سواحل ہند تک آنا جانا شروع کیا۔
۱۰۱۵	۱۶۰۶	مورخ فرشتہ نے اپنی تاریخ تصنیف کی
۱۰۵۰	۱۶۴۰	ٹورنیر فرانسیسی سیاح گوا میں وارد ہوا۔
۱۰۷۱	۱۶۶۰	تھیونو فرانسیسی سیاح ساحل ملیبار پر وارد ہوا۔
۱۱۷۵	۱۷۶۱	کے قریب علی راجا کنانور کے راجہ کا جانشین قرار پایا۔
۱۱۸۰	۱۷۶۶	نایروں اور مسلمانوں کے مابین لڑائی ہوئی۔
		حیدر علی نے کنانور اور کالی کوٹ فتح کیا۔
		سامری کی حکومت ختم ہوگئی
۱۱۸۱	۱۷۶۷	میر حسین علی نے نشان حیدری تصنیف کی۔
۱۲۰۷	۱۷۹۲	ملیبار کو انگریزوں نے ٹیپو سلطان کے قبضہ سے حاصل کیا
۱۲۴۹	۱۸۳۳	راولنسن نے تحفۃ المجاہدین کا انگریزی میں ترجمہ کیا۔
۱۳۱۶	۱۸۹۸	ڈاکٹر لوپز نے تحفۃ المجاہدین کا پرتگیزی میں ترجمہ کیا۔

(۱۷)

کتابیات

(عربی)

(۱) ابن خُردادبہ کی "المسالک والممالک" طبع یورپ ۱۸۸۹ء صفحہ ۶۲

(۲) ابوالفدا حموی کی "تقویم البلدان" طبع یورپ ۱۸۴۰ء صفحہ ۳۵۳-۳۵۴-۳۵۵

(۳) یاقوت حموی کی "معجم البلدان" طبع یورپ ۱۸۶۹ء جلد چہارم صفحہ ۶۳۹

(۴) ابوالحسن مسعودی کی "مروج الذہب" طبع مصر ۱۲۸۳ھ جلد اول صفحہ ۳۸۲

(۵) بزرگ بن شہریار رام ہرمزی کی "عجائب الہند" طبع یورپ ۱۸۸۳ء صفحہ ۹۴-۱۲۰-۱۵۲

(۶) سلیمان تاجر کا سفرنامہ طبع یورپ ۱۸۱۱ء صفحہ ۱۹-۲۸

(۷) احمد بلاذری کی "فتوح البلدان" طبع یورپ ۱۸۶۶ء صفحہ ۴۳۵-۴۳۶

(۸) زین الدین معبری کی "تحفۃ المجاہدین" قلمی-

(۹) زین الدین معبری کی "مسالک الاتقیا" قلمی-مقدمہ

(۱۰) موسیو سیدیو کی "تاریخ العرب" مترجمہ علی مبارک پاشا- طبع مصر- صفحہ ۲۴۳

(۱۱) جرجی زیدان کی تاریخ "آداب اللغۃ العربیۃ" طبع مصر جلد ثالث صفحہ ۳۴

(۱۲) ایڈورڈ فانڈیک کی "اکتفاء القنوع" طبع مصر ۱۸۹۶ء صفحہ ۱۲۱-۴۹۹

(۱۳) "کتاب خانہ خدیویہ کی فہرست" طبع مصر جلد ثالث صفحہ ۲۵۸

(فارسی)

(۱۴) حمداللہ مستوفی کی "نزہۃ القلوب" طبع یورپ-

(۱۵) عبداللہ شیرازی کی "تاریخ وصاف" طبع بمبئی ۱۲۶۹ھ۔ جلد سوم۔ صفحہ ۳۰۱ و ۳۰۲ و ۳۰۳
جلد چہارم۔ صفحہ ۵۳۰ - ۵۳۱ - ۵۰۵
(۱۶) امین رازی کی "ہفت اقلیم" طبع کلکتہ ۱۹۱۵ء صفحہ ۵۳
(۱۷) محمد قاسم فرشتہ کی "تاریخ فرشتہ" - طبع لکھنؤ ۱۸۶۴ء جلد دوم صفحہ ۳۶۸
(اُردو ترجمہ طبع کان پور ۱۹۰۵ء جلد دوم صفحہ ۴۸۸ - برگس کا انگریزی ترجمہ طبع لندن ۱۸۲۹ء جلد چہارم صفحہ ۵۳۱)
(۱۸) سکندر منجھو کی "مراۃ سکندری" طبع بمبئی ۱۸۹۰ء صفحہ ۲۵۷
(۱۹) جمال الدین انجو کی "فرہنگ جہانگیری" طبع کان پور ۱۲۶۳ھ جلد دوم۔ صفحہ ۶۶
(۲۰) حسین علی کرمانی کی "نشانِ حیدری" طبع بمبئی ۱۳۰۷ھ صفحہ ۹۷
(۲۱) عبدالرحیم صفی پوری کا "کارنامہ حیدری" طبع کلکتہ ۱۸۴۸ء صفحہ ۳۶ و ۱۴۲ و ۱۵۱
(۲۲) عبدالرزاق سمرقندی کی "مطلع السعدین" جس کا ترجمہ سرہنری ایلیٹ کی تاریخ ہندوستان میں شامل ہے۔ دیکھو جلد چہارم۔ صفحہ ۹۸ - ۹۹ - ۱۰۳

(اُردو)

(۲۳) ابن بطوطہ کا "سفرنامہ" مترجمہ مولوی محمد حسین ایم اے۔ طبع لاہور ۱۸۹۸ء جلد دوم از صفحہ ۲۷۶ تا صفحہ ۳۰۲
(۲۴) احمد علی گوپاموی کے "حملات حیدری" طبع کلکتہ ۱۸۰۳ء
(۲۵) "موسیو تھیونو کا سفرنامہ" طبع آگرہ ۱۸۹۷ء صفحہ ۶۲ و ۶۹
(۲۶) ڈاکٹر لیبان کا "تمدنِ ہند" مترجمہ ڈاکٹر سید علی بلگرامی طبع آگرہ صفحہ ۱۷۱
(۲۷) نوفل آفندی کی "صناجۃ الطرب فی تقدمات العرب" کا اُردو ترجمہ طبع لاہور ۱۹۰۴ء صفحہ ۱۹

(انگريزي)

(۲۸) سرهنري اليت كي تاريخ هندوستان —

H. M. Elliot : The History of India, London, 1867, Vol. I 90, Vol. IV 98, 99, 103.

(۲۹) سرهنري اليت كي مور خان هند —

H. M. Elliot : Historians of Mohammadan India, Calcutta, 1850, Persian Text, pp. 10.

(۳۰) سر والتر اليت كي سكه جات هندوستان جنوبي —

W. Elliot : Coins of Southern India, London, 1886, pp. 122.

(۳۱) اسمتھ كي قديم تاريخ هند —

V. A. Smith : The Early History of India, London, 1909, pp. 597.

(۳۲) كالدويل كا در اويڈين زبانوں كا گرامر —

R. Cald Well : A Comparative Grammar of the Dravidian Languages, London, 1913, pp. 22, 23, 26.

(۳۳) ڈاكٹر برنل كي كتاب خطوط شناسي هندوستان جنوبي —

A.C. Burnell : South Indian Palaeography, London, 1878, pp. 33.

(۳۴) مار كو پولو كا سفر نامه —

H. Yule : Book of Mar Co Polo, London, 1903, Vol. II pp. 333, 334 389.

(۳۵) سيل كا مقدمه ترجمه قرآن مجيد —

G. Sale : Introduction of the Holy Koran, London, 1903, pp. 16.

(۳۶) ريچرڈس كي كتاب سينٹ تھامس كے هندوستاني عيسائي —

W.J. Richards: The Indian Christians of St. Thomas, 1908, pp. 76, 91.

(۳۷) بار بوسا كے و قايع سواحل افريقه و مليبار —

Barbosa : Description on Tee Coasts of East Africa and Malabar, London, 1846, pp. 146.

(۳۸) مکرنڈل کی کتاب ھندوستان قدیم —

J. W. M'Crindle : Ancient India, London, 1889, pp. 190.

(۳۹) رنگا چاری کی کتاب کتبات احاطۂ مدراس —

Ranga-Chari : Inscriptions of the Madras Presidency, Vol. pp.

(۴۰) ڈاکٹر ولسن کی کتاب "مخزونہ کرنل میکنزی" —

H. H. Wilson : Mackenzie Collection, Calcutta, 1828, Vol. 1 pp. XCVII.

(۴۱) ڈاکٹر برنل کا رسالہ جنوبی ھندوستان کے پہلوی کتبہ پر —

A. C. Burnell : Phalavi Inscription in South India, Benglore, 1870.

(۴۲) مارلے کی فہرست مخطوطات تاریخی کتب خانہ رایل ایشیاٹک سوسائٹی —

W. Morley : Catalogue of the Historical Manuscripts in the Royal Asiatic Society London, London 1854, pp. 13.

(۴۳) ڈاکٹر ریو کی فہرست مخطوطات عربی کتب خانہ برٹش میوزیم —

C. Rieu : Catalogue of the Arabic Mss. in the British Museum, London, Vol. II pp. 434.

(۴۴) اوتو لاتھ کی فہرست مخطوطات عربی کتب خانہ انڈیا آفس ، لندن

O. Loth : Catalogue of the Arabic Mss. in the India Office Library, London, 1877, No. 714-920.

(۴۵) سیویل کی از یاد رفتہ سلطنت بیجانگر —

R. Sewell : A Forgotten Empire Vijayanagar, London, 1909, Chap. XIV—XV.

(۴۶) ڈانورس کی کتاب ھندوستان کے پر تگیزی اقتدار پر —

F. G. Danvers : The Portuguese in India, London, 1894, Chap. I. to XIV.

(۴۷) یول اور برنل کا انگلو انڈین الفاظ اور مصطلحات کا فرھنگ —

Yule and Burnell: A Glossary of Anglo-Indian Words and Phrases, London, 1903.

(۴۸) هندوستان کا امپیرئیل گزیتیر —

The Imperial Gazetteer of India, London, 1912, Vol. XVII pp. 56.

(جرمني)

(۴۹) برو کلمن کي تاریخ ادبیات عرب —

C. Brockelmann : Geschichti Der Arabischen Litterature, 1898, Vol. II pp. 416.

موقت الشیوع رسایل

(۵۰) کتبات هندوستان —

Epigraphia India, Vol. IV pp. 29, Vol. VII Supplement, No. 66 to 939.

(۵۱) رسایل رایل ایشیاٹک سوسائٹي —

Journals of the Royal Asiatic Society, (1907) pp. 954 (1912) pp. 527.

(۵۲) عقایق هندوستان —

Indian Antiquary, Vol. XVII pp. 259, Vol. XXXI pp. 343, Vol. XXXII pp. 160, 245.

(۵۳) عقایق تامل اقوام —

Tamilian Antiquary, Vol. I No. 4, pp. 53, 55, 73, 79, Vol. IV No. 1. pp. 69, 71.

(۵۴) مليبار کا سه ماهي رساله —

Malabar Quarterly, Vol. II No. 3, pp. 215-220, 229.